لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ

روزنامہ سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | منگل 15 ستمبر 2026ء 1448ھ 2 ربیع الثانی 31 بھادوں صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 233

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

238. سب نمازوں کی محافظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی، اور اللہ کے حضور سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کیا کرو 239 o پھر اگر تم حالتِ خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار (جیسے بھی ہو نماز پڑھ لیا کرو)، پھر جب تم حالتِ امن میں آجاؤ تو انہی طریقوں پر اللہ کی یاد کرو جو اس نے تمہیں سکھائے ہیں جنہیں تم (پہلے) نہیں جانتے تھے o

سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2026ء کثرت رائے سے منظور، اپوزیشن کا احتجاج

اپوزیشن ارکان ایوان میں نعرے بازی کرتے رہے اسی دوران ووٹنگ ہوئی اور سندھ اسمبلی نے سندھ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2026ء کثرت رائے سے منظور کرلیا اور اجلاس منگل کے روز تین بجے تک ملتوی کردیا گیا

لوکل باڈی ایکٹ میں اختیارات ہی نہیں ہیں، 18 ویں ترمیم کے بعد انہوں نے سارے اختیارات خود رکھ لیے جو ترمیم میں نے پیش کی تھی اسے نظر انداز کردیا گیا، یہ بل لوگوں کی حفاظت نہیں کرتا اسے ہم مسترد کرتے ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) سندھ اسمبلی نے بلدیاتی قوانین میں ترامیم کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے انڈونیشین نیول چیف کی ملاقات

علاقائی سلامتی اور دوطرفہ دفاعی تعاون پر گفتگو، فریقین کا موجودہ عسکری روابط پر اظہار اطمینان

پیشہ ورانہ تربیت، دفاعی تعاون، مشترکہ مشقوں و مختلف شعبوں میں تعاون مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے انڈونیشین نیوی کے سربراہ ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی نے پیر کو جی ایچ کیو میں ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دوطرفہ دفاعی تعاون پر گفتگو کی گئی۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق فریقین نے موجودہ عسکری روابط پر اظہار اطمینان اور پیشہ ورانہ تربیت، دفاعی تعاون، مشترکہ مشقوں و مختلف شعبوں میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سمیت پی ٹی آئی کے 24 ارکان قومی و صوبائی اسمبلی کے پاسپورٹ بلاک کرنے کا حکم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وفاقی وزراء شیزا فاطمہ اور عطاء اللہ تارڑ پریس کانفرنس کرتے ہوئے

تمام قیدیوں کے ساتھ مساوی سلوک ہونا چاہیے، وفاقی آئینی عدالت

قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی کی طرز پر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو عدالتی معاونت اور فریقین کو نوٹس جاری

دوران سماعت وکیل نے بانی پی ٹی آئی سے متعلق سپریم کورٹ کے مقدمے کا حوالہ دیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی کی طرز پر طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو عدالتی معاونت کے لیے نوٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

مقدمات کی جلد سماعت کیلئے شام کو بھی عدالتی بینچ بیٹھے گا

چیف جسٹس

مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر ڈال دی گئی ہے، اب میرے کہنے پر بھی کوئی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا، جسٹس یحییٰ آفریدی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس پاکستان، جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ مقدمات کی جلد سماعت کے لیے شام کو بھی عدالتی بینچ بیٹھے گا۔ فل کورٹ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

قیدیوں کی بانی پی ٹی آئی طرز پر طبی سہولیات کی درخواست، اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری

پرائیویٹ ہسپتال ہی کیوں؟ پولی کلینک اور پمز ہسپتال میں کیوں علاج نہیں ہوسکتا، جسٹس عامر فاروق

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قیدیوں کی جانب سے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرز پر طبی سہولیات کی درخواستوں پر اٹارنی جنرل کو معاونت کے لیے نوٹس جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد ہائیکورٹ کی پی ٹی آئی احتجاج کیلئے سرکاری وسائل استعمال نہ کرنے کی ہدایت

کوئی بھی سرکاری افسر اپنے ماتحت اہلکاروں کو اسلام آباد کی طرف آنے والے کسی مارچ یا احتجاج میں شامل نہ ہونے دے، عدالت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے 27 ستمبر کو ممکنہ لانگ مارچ اور احتجاج کے خلاف کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے درخواست ہدایات کے ساتھ نمٹا دی۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی سربراہی میں 3 رکنی لارجر بنچ نے دائر درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا، فیصلے میں کہا گیا کہ کسی سیاسی جماعت، پبلک آفس ہولڈر کے پاس اسلام آباد کی سڑکیں بند کرنے کا اختیار نہیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ صوبوں کے وزراء (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے لبنان کے وزیر داخلہ و بلدیات احمد الحجار ملاقات کرتے ہوئے

موجودہ چیلنجز سے نمٹنے اور خوشحال مستقبل کے لیے بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھنا ضروری ہے، شہباز شریف

ریاست کے حقوق و فرائض اور مفادات کا تحفظ کیا جائے گا

وزیراعظم

عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمہوریت کی بنیادی اقدار، مساوات، انصاف اور آزادی کے فروغ، عوامی رائے کے احترام، انسانی وقار کے تحفظ اور قانون کی بالادستی سے وابستگی کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ دور کے چیلنجز کا موثر طور پر مقابلہ کرنے اور ایک خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ ہم عوامی فلاح کی ضامن بنیادی جمہوری اقدار کو مضبوطی سے تھامے رکھیں، عہد کریں کہ ہم بہترین پارلیمانی روایات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کرتے ہوئے

حنا جاوید قتل کیس؛ ملزم کی درخواست ضمانت سماعت کے لیے منظور

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈیجیٹل ڈیزائنر حنا جاوید قتل کیس میں ملزم کی درخواست ضمانت سماعت کے لیے منظور کرلی گئی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نصیر احمد نے درخواست ضمانت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

پاکستان کو بھارت میں ہاکی کھیلنے کی اجازت ہے، بھارتی وزیرِ اعلیٰ

بھارت اور پاکستان کی ہاکی فیڈریشنز کے درمیان تعلقات بہترین ہیں، بھگونت مان

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) بھارتی پنجاب کے وزیرِ اعلیٰ بھگونت مان نے کہا ہے کہ پاکستان کو آئندہ ماہ ہونے والی مردوں کی ایشین چیمپئنز ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ میں شرکت کی اجازت مل گئی ہے۔ بھارتی پنجاب کے وزیرِ اعلیٰ بھگونت نے بتایا کہ کیشر ملکی ٹورنامنٹس میں پاکستان کی شرکت کا کوئی مسئلہ نہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

سپریم کورٹ، بیوی کے قتل کے مجرم کی عمر قید برقرار رکھنے کا حکم، اپیل مسترد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بیوی کے قتل کے مجرم کی عمر قید برقرار رکھنے کا حکم جاری کرتے ہوئے حبیب اللہ کی اپیل مسترد کردی اور 5 لاکھ روپے معاوضے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

بہت جلد وزیراعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی، حنیف عباسی

دہشت گردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، وزیر ریلوے کا خطاب

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ بہت جلد وزیراعلیٰ پنجاب کی دی ہوئی مزید 50 بسیں راولپنڈی شہر کے اندر چلتی نظر آئیں گی، پاکستان ایٹمی قوت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

پشین میں سی ٹی ڈی کا کامیاب آپریشن، 6 دہشت گرد ہلاک، وفاقی وزیر داخلہ کی ستائش

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پشین کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

محسن نقوی کا مستونگ میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیر داخلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کو زبردست خراج (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

پاکستان کی ہاکی فیڈریشن کے درمیان تعلقات بہترین ہیں، بھگونت مان

اسلام آباد: وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال ایس سی او ڈیجیٹل اقتصادی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

حکومت نے پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر سبسڈی حاصل کرنے کا طریقہ بتا دیا

وزیراعظم نے شہریوں کو پیٹرول ریلیف فراہم کرنے کے لیے خصوصی اسکیم کا اجرا کیا ہے، وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ

حکومت نے اسکیم میں توازن رکھا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سے فائدہ اٹھا سکیں 800 سی سی تک کی گاڑیاں ملک کی 50 فیصد گاڑیوں کو کور کرتی ہیں، عطاء اللہ تارڑ

شہری کو اسی سم سے اپنا سی این آئی سی نمبر بھیجنا ہوگا، اس کے بعد بائیک یا گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، رجسٹریشن کا صوبہ اور دیگر مطلوبہ تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے شہریوں کو پیٹرول ریلیف فراہم کرنے کے لیے خصوصی اسکیم کا اجرا کیا ہے، جس کے تحت 2 ویلر، 3 ویلر اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو ٹارگٹڈ سبسڈی دی جائے گی، جبکہ اسلام آباد میں آج رات 12 بجے سے اسکیم کا آغاز ہوگا۔ وفاقی وزیر عطاء اللہ تارڑ اور علی پرویز ملک کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے شزا فاطمہ خواجہ نے بتایا کہ 2 ویلر کے لیے 20 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا عوام کیلئے وزیراعظم ریلیف پیکیج کا خیر مقدم

عالمی منڈی میں تیل کے نرخ میں اضافے کا رجحان ترقی پذیر ممالک کے عوام کے لئے مشکلات کا باعث بن رہا ہے، مریم نواز شریف

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عوام کیلئے وزیراعظم ریلیف پیکیج کا خیر مقدم کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزیراعظم ریلیف پیکیج پر قائد محمد نواز شریف کا بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ مشکل کی گھڑی میں عوام کے لئے پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے 27 ستمبر احتجاج سے متعلق درخواست نمٹا دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی کے 27 ستمبر احتجاج سے متعلق درخواست نمٹا دی اور کہا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

اب میرے کہنے پر بھی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی

کہتے ہیں جج 3 مہینے کی چھٹیاں کرتے ہیں، کس نے کہا کہ جج 3 ماہ کی چھٹی کرتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ اب میرے کہنے پر بھی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا۔ نئے عدالتی سال پر فل کورٹ ریفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے مقدمات کے مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر ڈال دی ہے، 2 افسران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

احسن اقبال کا ڈیجیٹل معیشت اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے درمیان تعاون مزید مضبوط بنانے پر زور

اروچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ ڈیجیٹل معیشت پیداوار، تجارت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

بھارت سفارتی و عسکری میدان میں شکست کے بعد اسپورٹس کلچر کو نقصان پہنچا رہا، طلال چودھری

بھارت اپنی شکست کی خفت مٹانا چاہتا ہے، پاکستان نے کبھی بھی کھیل کو سیاست کی نذر نہیں کیا، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چودھری نے کہا ہے کہ بھارت سفارتی و عسکری میدان میں شکست کے بعد اسپورٹس کلچر کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے۔ طلال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

سی سی ٹی وی فوٹیج سے ملزم کو سزا دینے کی قانونی حیثیت پر عدالت کے اہم سوالات

چہرے واضح نہ ہونے پر فوٹیج سے شناخت اور سزا کا معاملہ، پراسیکیوٹر جنرل پنجاب اور ڈی جی فرانزک سائنس ایجنسی طلب

اگر سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزمان کے چہرے واضح نہ ہوں تو کیا ملزم سزا دینا قانونی طور پر درست ہوگا؟ لاہور ہائیکورٹ

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے قتل کے مقدمے میں ویڈیو شہادت اور سی سی ٹی وی فوٹیج کے قانونی و شرعی استعمال سے متعلق اہم سوالات اٹھا دیئے۔ عدالت نے پراسیکیوٹر جنرل پنجاب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے لبنان کے وزیر داخلہ و بلدیات احمد الحجار ملاقات کرتے ہوئے

سید مصطفیٰ کمال کا پمز ہسپتال کا دورہ، جاری تیاریوں اور مکمل کیے گئے کام کا تفصیلی جائزہ لیا

نئی ایمرجنسی کے فعال ہونے سے پمز میں مریضوں کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے پمز ہسپتال میں 200 بستروں پر مشتمل نئی ایمرجنسی کا دورہ کیا اور وہاں جاری تیاریوں اور مکمل کیے گئے کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

عمران خان کی طرح پرائیویٹ ہسپتال میں علاج کی درخواست سماعت کیلئے منظور

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی آئینی عدالت نے تمام قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی عمران خان کی طرز پر طبی سہولیات دینے کے کیس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

لبنانی وزیر داخلہ کی فیلڈ مارشل سے ملاقات، سکیورٹی اداروں کے روابط کو مضبوط کرنے پر اتفاق

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) لبنان کے وزیر داخلہ نے علاقائی امن و استحکام کیلئے پاکستان کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے دہشت گردی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

نئی آٹو پالیسی کی منظوری آئی ایم ایف کی مشاورت سے مشروط، مزید تاخیر کا امکان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں نئی آٹو پالیسی کی حتمی منظوری آئی ایم ایف کی مشاورت سے مشروط کردی گئی جس کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کیخلاف کارروائیاں سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

مستونگ میں کی جانے والی کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے نشانہ بنایا گیا، کمانڈر نقیب سمیت 3 دہشتگرد ہلاک اور ان کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی

مستونگ / کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کیخلاف دو مختلف کارروائیوں میں کمانڈر سمیت 9 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ میں کی جانے والی کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی گاڑی کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے نشانہ بنایا گیا، کمانڈر نقیب سمیت 3 دہشتگرد ہلاک اور ان کی گاڑی مکمل طور پر تباہ ہوگئی۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آخری دہشتگرد کے خاتمے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

کے الیکٹرک نے 17 گھنٹوں بعد دھابیجی پمپنگ سٹیشن کی بجلی بحال کر دی

بجلی بحال ہوتے ہی متاثرہ 10 میں سے 8 پمپس فعال کردیئے گئے، پمپس فعال ہونے کے بعد پانی کی فراہمی بحال

کراچی (بیورو رپورٹ) کے الیکٹرک نے 17 گھنٹوں بعد دھابیجی پمپنگ سٹیشن کی بجلی بحال کر دی ہے۔ ترجمان واٹر کارپوریشن کے مطابق تھرڈ فیز، فورتھ فیز اور کے تھری پمپس ہاؤس کے ایک فیڈر کی بجلی بحال کردی گئی جبکہ کے تھری پمپس ہاؤس کے ایک فیڈر کی بجلی تاحال بحال نہیں ہوسکی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

اشتیاق کی ہلاکت سے متعلق نئی ویڈیو نے واقعے کا رخ بدل دیا: عظمیٰ بخاری

سہیل آفریدی کے گارڈز نے ویڈیوز بنانے پر آج بھی لاہور میں صحافیوں سے بدتمیزی کی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ اشتیاق کی ہلاکت سے متعلق اہم ویڈیو سامنے آنے کے بعد واقعے کا رخ تبدیل ہوگیا ہے۔ صوبائی دارالحکومت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

سٹیٹ بینک نے رواں مالی سال کی دوسری مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا

کراچی (بیورو رپورٹ) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے رواں مالی سال کی دوسری مانیٹری پالیسی کا اعلان کر دیا۔ مرکزی بینک کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

شہباز شریف سے لبنانی وزیر داخلہ کی ملاقات، دوطرفہ تعاون کے عزم کا اعادہ

وزیراعظم شہباز شریف نے لبنان کے خلاف اسرائیلی جارحیت کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) لبنان کے وزیر داخلہ و بلدیات احمد الحجار نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر داخلہ سید محسن رضا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

امریکا میں افغان خاتون دہشتگرد کی معاونت پر ملک بدر

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) افغان باشندوں کی غیر قانونی و مشتبہ سرگرمیوں سے میزبان ممالک کی سلامتی کو درپیش خطرات ایک بار پھر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

پمز سانحہ، ذمہ داروں کے خلاف 24 گھنٹوں میں ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت

سینٹ کی قائمہ کمیٹی نے ذمہ دار افراد کے نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کی سفارش بھی کر دی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی میں پمز سانحے پر بحث کے دوران ذمہ داروں کے خلاف کارروائی نہ ہونے پر شدید سوالات اٹھائے گئے، کمیٹی نے ذمہ دار افراد کے نام ایگزٹ کنٹرول لسٹ میں ڈالنے کی سفارش کرتے ہوئے 24 گھنٹوں کے اندر ایف آئی آر درج کرنے کی ہدایت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

عدالت نے واضح کر دیا احتجاج کے نام پر سرکاری مشینری استعمال نہیں ہوسکتی، وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے اسلام آباد ہائیکورٹ کی جانب سے لانگ مارچ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

جناح ہاؤس حملہ کیس، شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر سماعت 16 ستمبر تک ملتوی

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نے جناح ہاؤس حملہ کیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا چوہدری محمود بشیر ورک کے انتقال پر اظہار افسوس

چوہدری محمود بشیر ورک کے انتقال سے قومی اسمبلی ایک کہنہ مشق اور فعال رکن سے محروم ہوگئی ہے

اسلام آباد (عباس ملک سے): اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سابق وفاقی وزیر، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف اور رکن قومی اسمبلی چوہدری محمود بشیر ورک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

صوبوں کو اگر چھیڑا جائے گا تو تباہی کی طرف جائیں گے، فرحت اللہ بابر

صوبوں کی تقسیم کے پیچھے نیت اور ارادہ درست نظر نہیں آتا، انٹرویو میں گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) صدر آصف علی زرداری کے سابق ترجمان اور سابق سینیٹر فرحت اللہ بابر نے کہا ہے کہ مقامی حکومتوں کو اختیارات نہ دینا ہماری کمزوری و کوتاہی ضرور ہے لیکن مسائل کا واحد حل بھی یہی ادارے ہیں جن کو مضبوط بنانا چاہیے، صوبوں نے مرکز سے مالی اور انتظامی اختیارات تو لے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات سے پورٹ قاسم کی کارکردگی میں نمایاں بہتری

اصلاحات کے مثبت نتائج کے باعث پورٹ قاسم کی عالمی سطح پر کارکردگی میں بھی نمایاں بہتری سامنے آئی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم ٹاسک فورس برائے بحری اصلاحات کے تحت پورٹ قاسم کی کارکردگی میں نمایاں بہتری سامنے آئی ہے اور کارگو ہینڈلنگ میں بہتری ریکارڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے انڈونیشیان نیوی ایڈمرل ڈاکٹر محمد علی ملاقات کرتے ہوئے

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ سے جرمنی کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار کا پاکستان مونومنٹ اور پولیس لائنز کا دورہ، یادگار شہدا پر حاضری اور پریڈ کا معائنہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے ہمراہ پاکستان مونومنٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد انصاف مانگنے آئے ہیں گولی نہیں چلنی چاہیے، بیرسٹر گوہر

ہم جمہوریت اور ملک بچانے کیلئے نکلے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا پر امن اور آئین و قانون کے مطابق سٹریٹ موومنٹ کریں گے

پنجاب حکومت پی ٹی آئی کارکنان کو ہراساں اور پکڑ دھکڑ سے گریز کرے، سیاسی کشیدگی کم کرنے کیلئے مفاہمت اور بہتر اقدامات کی ضرورت ہے

پی ٹی آئی کارکنان اسلام آباد پر امن طریقے سے آئیں گے، اختلافِ رائے کی قدر کرنا جمہوریت کا حصہ ہے، حکومت سخت اقدامات کے بجائے مفاہمت کی طرف بڑھے

بونیر (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت پی ٹی آئی کارکنان کو ہراساں اور پکڑ دھکڑ سے گریز کرے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہم جمہوریت اور ملک بچانے کیلئے نکلے ہیں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا پر امن اور آئین و قانون کے مطابق سٹریٹ موومنٹ کریں گے، پنجاب حکومت خاص طور پر رانا ثناء اللہ وزیراعلیٰ کے پی کے راستے میں رکاوٹیں نہ ڈالے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب ای سی سی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar — شہر شہر، نگر نگر

چشتیاں پنجاب کے ضلع بہاولنگر کی تحصیل چشتیاں کی بلدیہ میں چار اہم میونسپل افسران کی آسامیاں خالی ہیں

ڈویژنل وضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث بلدیہ چشتیاں میں چار میونسپل افسران کی اہم انتظامی آسامیاں خالی

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) ڈویژنل وضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث بلدیہ چشتیاں میں چار میونسپل افسران کی اہم انتظامی آسامیاں خالی ہیں بلدیہ میں ایم او زکی مستقل تعیناتی نا ہونے سے عوامی مسائل بڑھ رہے ہیں اور میونسپل کمیٹی چشتیاں کی مختلف برانچوں کے تمام معاملات جونیئر کلرکوں کے سنبھالنے کے نتیجہ میں آئے روز مبینہ بدعنوانی اور مالی بے ضابطگیوں کے انکشافات بھی سامنے آ رہے ہیں عوامی سماجی حلقوں اور شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سے اپنے ایک مطالبہ میں کہا ہے کہ پنجاب کے ضلع بہاولنگر کی اہم تحصیل چشتیاں کی بلدیہ میں میونسپل افسر انفرااسٹرکچر اینڈ سروسز، میونسپل افسر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، میاں جہانگیر احمد وٹو

پاکپتن (نامہ نگار) معروف سماجی اور ادبی شخصیت، پیشنل ایجوکیشن اسمبلی کا ایجوکیشنسٹ ایم پی اے میاں جہانگیر احمد وٹو نے کہا ہے، سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول پاکپتن شریف میں 2 کروڑ سے زائد ٹھیکہ کے دوران سکول میں 13 نقائص پر مشتمل نائص میٹریل اور غیر معیاری کام کرنے پر سی ای او ایجوکیشن شازیہ رفیو نے ٹھیکیدار کے خلاف بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو انسپکشن اور بلڈنگ انکوائری رپورٹ کیلیے 25 اگست 2026 کو لیٹر لکھ دیا، ٹھیکیدار نے کارروائی اور ریکوری سے بچنے کیلیے الٹا جھوٹا قوعہ بنا کر اینٹی کرپشن میں پرچہ کروا دیا، انہوں نے کہا کہ کیا اس ملک میں ایماندار افسران اور اساتذہ کی یہی عزت ہے کہ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے، سی ای (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

حاجی ناصر مجید ڈولہ نے برج الیاس آمد کے موقع پر سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خان سے خصوصی ملاقات کی

دیپال پور (امام دین+نامہ نگار) سیاسی و سماجی شخصیت حاجی ناصر مجید ڈولہ نے برج الیاس آمد کے موقع پر سابق ایم این اے حلقہ این اے 137 دیپال پور و سابق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خان سے خصوصی ملاقات کی اس موقع پر حاجی ناصر مجید ڈولہ نے حاجی راؤ محمد اجمل خان کی آنکھوں کے کامیاب آپریشن پر انہیں پھولوں کا خوبصورت گلدستہ پیش کیا اور جلد مکمل صحت یابی، صحت وتندرستی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ملاقات کے دوران ملکی سیاسی وسماجی صورتحال سمیت مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا حاجی راؤ محمد اجمل خان نے حاجی ناصر مجید ڈولہ کی آمد اور خیر سگالی کے جذبات پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ دوست احباب کی محبت، خلوص اور دعائیں انسان کے لئے حوصلے اور خوشی کا باعث بنتی ہیں اس موقع پر حاجی راؤ محمد اجمل خان نے پاک فوج کی لازوال قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی بہادر افواج وطن عزیز کی جغرافیائی ونظریاتی سرحدوں کی محافظ ہیں ہماری مسلح افواج کے افسران اور جوانوں نے ملک کے دفاع، امن وسلامتی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ پوری قوم اپنے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتی ہے اور ان کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی رہے گیا نہوں نے کہا کہ شہد ہمارا قومی سرمایہ اور ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں، جنہوں نے اپنے آج کو قوم کے آنے والے کل کے لیے قربان کیا۔ غازیوں نے بھی اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر وطن کے دفاع میں بہادری اور جرأت کی نئی مثالیں قائم کیں۔ پاکستان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

تحصیل کوٹرادہاکشن اور گردونواح میں قحبہ خانوں کا مکروہ دھندہ عروج پر پہنچ گیا، نوجوان نسل تیزی سے گمراہی کی جانب بڑھنے لگی

کوٹرادہاکشن (سہیل الطاف خاں) تحصیل کوٹرادہاکشن اور گردونواح میں قحبہ خانوں کا مکروہ دھندہ عروج پر پہنچ گیا، نوجوان نسل تیزی سے گمراہی کی جانب بڑھنے لگی۔ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مجرمانہ خاموشی اختیار کر لی۔ تفصیلات کے مطابق شہر بھر اور گردونواح میں چند نام نہاد بااثر شخصیات کی سرپرستی میں قحبہ خانوں کا دھندہ عروج پر پہنچ چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق کوٹرادہاکشن کے ملحقہ علاقوں ہندال اڈا، ظفر کے، بھوتن پورا، پریم نگر اور دیگر علاقوں میں بنائے گئے قحبہ خانوں میں دن کے آغاز سے ہی بڑی تعداد میں تتلیاں اور بھنورے رنگ رلیاں منانے کے لیے پہنچنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اور یہ سلسلہ رات گئے تک جاری رہتا ہے۔ مصدقہ ذرائع کے مطابق گناہوں سے آلودہ ان جگہوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب نے شہریوں کے مسائل سنے

بہاول پور (سی ایم لنکس) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 20 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہِ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے۔ تفصیلات کے مطابق وزیرِ اعلیٰ پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے وژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

سماجی کارکنان اور غیر سرکاری تنظیمیں معاشرے کا حسن ہیں، نل (ر) شہزاد امیر

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سماجی کارکنان اور غیر سرکاری تنظیمیں معاشرے کا حسن ہیں پنجاب چیریٹی کمیشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کرنل (ر) شہزاد امیر نے کہا ہے کہ سماجی کارکن اور غیر سرکاری تنظیمیں معاشرے کا حسن ہیں، جو دکھی انسانیت کی خدمت کر رہی ہیں۔ ہم ان کی خدمات کو دل کی گہرائیوں سے سراہتے اور ان کا احترام کرتے ہیں۔ ان (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

تیز رفتار بس کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 25 سالہ نوجوان جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تیز رفتار بس کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 25 سالہ نوجوان جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق پسرور کے نواحی گاؤں قلعہ کالروالہ کے قریب تیز رفتار مسافر بس نے موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکل سوار 25 سالہ محمد عمران شدید زخمی ہوگیا اور بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے ہسپتال منتقل کرنے کے دوران جاں بحق ہوگیا۔

اوکاڑہ: ایم اے جناح روڈ پر واقع موبائل کمپنی کے ٹاور میں آگ لگنے کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ: ایم اے جناح روڈ پر واقع موبائل کمپنی کے ٹاور میں آگ لگنے کی اطلاع موصول ہوئی۔ کالر کے مطابق نجی کمپنی کے موبائل ٹاور میں انسٹال برقی آلات میں آگ لگ گئی آگ ممکنہ طور پر اوور ہیٹنگ کی وجہ سے لگی، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا فوری ریسپانس، ریسکیو فائر فائٹرز نے آگ پر قابو پانے کے لئے فائر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

نوعمر لڑکے پر تشدد کا معاملہ، ڈی پی او سیالکوٹ کا فوری نوٹس، ملزم گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) نوعمر لڑکے پر تشدد کا معاملہ، ڈی پی او سیالکوٹ کا فوری نوٹس، ملزم گرفتار، تھانہ موترہ کے علاقے میں 14 سالہ لڑکے پر ڈنڈے سے تشدد کی ویڈیو سامنے آنے پر ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے فوری قانونی کارروائی کا حکم دیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم مبشر علی کو گرفتار کر لیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق تنازع کا تعلق ملزم کے بیٹے سے مبینہ جنسی ہراسانی کے معاملے سے ہے، جس کا الگ مقدمہ پہلے ہی تھانہ موترہ میں درج اور زیرِ تفتیش ہے۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا کہ کسی بھی الزام کی بنیاد پر قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں۔ دونوں مقدمات کی غیر جانب دارانہ تفتیش کر کے شواہد کی روشنی میں بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سیموئنیس	1122
پولیس ایمبولینس	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہم ڈسپوزل	99212111
سوئرڈ ہے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری، سٹیزن سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
ایمرجنسی شکایت سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بنک	35863950
ایدھی بلڈ بنک	35417440

شیر محمد ولد بدل خان کی لاش کی برآمدگی ایک المناک واقعہ ہے، سردار صابر قاسمی

گڈانی (نمائندہ سحر) گڈانی کشتی حادثہ، ماہی گیروں کے تحفظ کے لیے قومی پالیسی ناگزیر گڈانی: بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین لمیٹڈ پسنی بمقام سوک سینٹر حب اور کوآپریٹو موومنٹ بلوچستان کے چیئرمین سردار صابر قاسمی نے حکو کنڈ کے ساحل کے قریب کشتی حادثے پر گہرے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لاپتہ ماہی گیروں کی فوری تلاش اور ریسکیو آپریشن کو موثر بنانے کا مطالبہ کیا ہے۔ سردار صابر قاسمی نے کہا کہ شیر محمد ولد بدل خان کی لاش کی برآمدگی ایک المناک واقعہ ہے، جبکہ عامر ولد نور بخش اور عبدالسلام ولد نور بخش کی تلاش جاری ہے۔ متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں ہم برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حادثہ محض ایک مقامی سانحہ نہیں بلکہ بلوچستان کے ساحلی ماہی گیروں کی سمندری حفاظت، ریسکیو، مواصلاتی نظام، موسمی پیشگی اطلاع، لائف جیکٹس اور محفوظ جیٹیوں کے حوالے سے ایک اہم قومی سوال ہے۔ وزیراعظم پاکستان کے لیے وائٹ پیپر سردار صابر قاسمی نے اعلان کیا کہ بلوچستان فشرمین کوآپریٹو یونین کے پلیٹ فارم سے وزیراعظم پاکستان کو FishermenCoastal"National PaperWhiteRescue&Safety "2026 پیش کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وائٹ پیپر میں



بلوچستان کے ساحلی ماہی گیروں کے لیے چوبیس گھنٹے ریسکیو کوآرڈینیشن، جدید مواصلاتی نظام، کشتیوں کے بنیادی حفاظتی آلات، ویدر الرٹ سسٹم، فشر مین سیفٹی رجسٹری، مقامی ریسکیو والینٹیئرز اور محفوظ فشنگ جیٹیوں کے لیے قابل عمل قومی فریم ورک تجویز کیا جائے گا۔ سردار صابر قاسمی نے کہا: "ماہی گیر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

وادی سون کے نواحی موضع کفری میں ڈیرہ اسماعیل خان سے تعلق رکھنے والا نوجوان بلال خان پٹھان کرنٹ لگنے سے موقع پر ہی جاں بحق

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ سحر) وادی سون کے نواحی موضع کفری میں ڈیرہ اسماعیل خان سے تعلق رکھنے والا نوجوان بلال خان پٹھان کرنٹ لگنے سے موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا تفصیل کے مطابق مقامی زمیندار نے اپنی فصلوں کو مویشیوں اور وحشی جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لیے کھیت کے اردگرد حفاظتی تاریں بچھا کر ان میں مبینہ طور پر بجلی کا کرنٹ چھوڑ رکھا تھا ذرائع کے مطابق زمیندار صبح کے وقت تاروں میں کرنٹ کی سپلائی بند کرنا بھول گیا صبح کے وقت مرچیں توڑنے کی غرض سے کھیت میں داخل ہونے والا نوجوان بلال خان پٹھان ان برقی تاروں کی زد میں آ گیا جس کے نتیجے میں شدید کرنٹ لگنے سے وہ موقع پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

نبوت رسالت کی عظیم الشان عمارت میں آپ ﷺ کی بعثت مبارکہ اُس اینٹ کی مانند ہے جس نے اس عمارت کی تکمیل فرمائی اور ختم نبوت پر اپنی مہر ثبت فرمائی، امیر عبدالقدیر اعوان

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) نبوت رسالت کی عظیم الشان عمارت میں آپ ﷺ کی بعثت مبارکہ اُس اینٹ کی مانند ہے جس نے اس عمارت کی تکمیل فرمائی اور ختم نبوت پر اپنی مہر ثبت فرمائی۔ اب قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔ اس ماہ مبارک ربیع الاول میں آپ ﷺ کی ولادت باسعادت پر اکثریت 9 ربیع الاول پر متفق ہے اور 12 ربیع الاول کو آپ ﷺ دار دنیا سے پردہ فرما گئے اس پر سب کا اتفاق ہے۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا مرکز دارالعرفان منارہ میں بعثت رحمت عالم ﷺ کانفرنس میں خواتین وحضرات کی بڑی تعداد سے خطاب۔ انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ کی دس سالہ مدنی زندگی میں چوراسی کے لگ بھگ غزوات وسرایہ ہوئیں۔ آپ ﷺ کی زندگی مبارک آسان نہ تھی ان کے علاوہ باقی سارے معاملات بھی تھے جو آپ ﷺ دیکھتے تھے۔ خشک پتے نوش فرمائے گئے، خشک چمڑے بھگو کر کھا گئے لیکن حق کو حق کہا گیا۔ پھر سمجھ آئے گی کہ آج جو ہم سود کے لیے راستے نکال رہے ہیں کہ استعمال بھی کریں اور نافرمانی بھی نہ ہو۔ اے کاش یہ محبت عشق محمد الرسول اللہ ﷺ کی حقیقت نصیب ہو۔

ساہیوال کلب میں زیر تعمیر ریسٹورنٹ سمیت دیگر ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ ڈاکٹر آصف طفیل

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا ہے کہ ساہیوال کلب میں زیر تعمیر ریسٹورنٹ سمیت دیگر ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا وہ یہاں ساہیوال کلب کے سیکرٹری شیخ عظمت سلیم سے کلب میں جاری ترقیاتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ لے رہے تھے شیخ عظمت سلیم نے زیر تعمیر ریسٹورنٹ، جاری ترقیاتی کاموں اور کلب کے انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مختلف امور پر پیش رفت سے آگاہ کیا۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے جاری ترقیاتی کاموں کو مقررہ معیار کے مطابق مکمل کرنے اور کلب کے انتظامی امور کو مزید بہتر بنانے کی ہدایات دیں۔

عوام نے پٹرولیم لیوی کو بھتہ ٹیکس قرار دیا ہے اور حکومت کو ہر صورت یہ لیوی ختم کرنا ہوگی، پرویز اختر عباسی

ہارون آباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سنئیر رہنما پرویز اختر عباسی نے کہا ہے عوام نے پٹرولیم لیوی کو بھتہ ٹیکس قرار دیا ہے اور حکومت کو ہر صورت یہ لیوی ختم کرنا ہوگی۔ پٹرولیم لیوی کا پٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، بلکہ ایک مافیائی نظام کے تحت چند افراد کو فائدہ پہنچانے کے لیے عوام پر ظلم کیا جا رہا ہے پرویز اختر عباسی نے کہا ہے کہ ملک میں ایک ایلیٹ گروپ (GroupElite) عوام کو لوٹ رہا ہے۔ شوگر مافیا پہلے چینی برآمد کر کے مصنوعی قلت پیدا کرتا ہے اور پھر خود ہی اسے درآمد کرتا ہے۔ اسی طرح کسان سے گندم 2200 سے 2500 روپے من خریدی گئی، لیکن بعد میں یہی گندم 4000 سے 5000 روپے من تک فروخت ہوئی۔ ان تمام چکر بازیوں میں ایک ہی مافیا ملوث ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آئی پی پیز کے معاہدے قوم کے سامنے لے آئے جائیں تو پوری قوم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر فواد افتخار کے ہمراہ ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی ہسپتال کا اچانک دورہ کیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز چوہدری عبدالجبار گجر نے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر فواد افتخار کے ہمراہ ڈی ایچ کیو ساؤتھ سٹی ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، ایمرجنسی اور او پی ڈی میں دستیاب طبی سہولیات کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کے میڈیکل ریکارڈ اور ادویات کی فراہمی کے عمل کا جائزہ لیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ صفائی ستھرائی کے انتظامات کو اعلیٰ ترین سطح پر برقرار رکھا جائے اور تمام ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری کو سو فیصد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت سے کام نہ لیا جائے۔ انہوں نے ڈاکٹرز اور عملے کو تاکید کی کہ وہ مریضوں کی صحیح تشخیص اور بہترین علاج معالجے کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

اوکاڑہ تحصیل بھر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے ستھرا پنجاب ایجنسی کی صفائی ٹیمیں متحرک

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ تحصیل بھر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے ستھرا پنجاب ایجنسی کی صفائی ٹیمیں متحرک ہیں اور صفائی ستھرائی کا خصوصی آپریشن جاری ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت صفائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف علاقوں میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی سرگرمیاں انجام دی جا رہی ہیں میپنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت فیلڈ ٹیمیں شہری اور دیہی علاقوں کی مختلف گلیوں، بازاروں، مرکزی شاہراہوں اور عوامی مقامات سے کوڑا کرکٹ اٹھانے میں مصروف ہیں سارو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد صفائی آپریشن کی نگرانی کرتے ہوئے ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں صفائی عملے کی جانب سے دستی جھاڑو، گھر گھر سے کچرے کی وصولی، نالوں کی ڈی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

پٹرولنگ پولیس نے رواں ماہ خصوصی کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 07 انتہائی مطلوب اشتہاری اور 07 عدالتی مفرور ملزمان گرفتار کئے

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پٹرولنگ پولیس نے رواں ماہ خصوصی کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 07 انتہائی مطلوب اشتہاری اور 07 عدالتی مفرور ملزمان اسلم، ارشد، مشتاق، اللہ دتہ، آصف، مقصود، یوسف، نور احمد، کاشف، سلیم، قیصر، امتیاز، احمد اور لیاقت کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل آفیسر پٹرولنگ پولیس ساہیوال غازی محمد عمر فاروق کی ہدایت پر مختلف پٹرولنگ ٹیموں نے پیشنل آپریشن کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں انتہائی مطلوب 14 ملزمان کو گرفتار کر کے تھانہ صدر اوکاڑہ، بنگلہ گوگیرہ، صدر وٹی دیپالپور، چورستہ، بصیر پور اور حجرہ شاہ مقیم میں پابند سلاسل کر دیا۔ پٹرولنگ پولیس کے مطابق عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لیے جرائم پیشہ افراد کیخلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔

اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر انسداد سموگ مہم کے تحت چیکنگ جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر انسداد سموگ مہم کے تحت چیکنگ جاری، اس سلسلہ میں ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے افسران نے شہر کے مختلف اہم مقامات پر بلاضرورت دھواں دینے والی اور ماحولیاتی آلودگی کا سبب بننے والی گاڑیوں کی شدید چیکنگ کی اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے چالان کیے گئے اور دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے مالکان کو سخت تنبیہ جاری کی گئی۔ سیکرٹری ڈی آر ٹی اے محمد محسن نے چیکنگ نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز اپنی گاڑیوں کی بروقت ٹیوننگ اور مرمت یقینی بنائیں تاکہ فضا کو آلودگی سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سموگ کا باعث بننے والی گاڑیوں کو روڈ پر چلنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ماحول کو آلودہ کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز قانونی کاروائی جاری رہے گی۔ محمد محسن نے کہا کہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل سے ریجنل پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم کی ملاقات

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل سے ریجنل پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ملاقات کی۔ اسسٹنٹ کمشنر جنرل غلام حسین بھٹی بھی متعلقہ ریکارڈ و قانونی تقاضوں کا جائزہ لینے کے بعد کیس کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں شہید اہلکار کی خدمات اور فرض کی ادائیگی کے دوران پیش آنے والے واقعہ سے متعلق امور بھی زیر غور آئے۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے متعلقہ افسران کو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ٹریفک پولیس کے شہید اہلکار کے کیس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور

پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ، مہنگائی کا نیا سونامی؛ عوام دو وقت کی روٹی سے بھی پریشان

اوکاڑہ (نامہ نگار) مہنگائی کی نئی لہر نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا۔ ڈیزل اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سامنے آتے ہی گڈز ٹرانسپورٹرز اور پبلک ٹرانسپورٹرز نے چند ہی روز میں کرایوں میں اضافہ کر دیا، جس کے باعث لاری اڈوں پر ٹرانسپورٹرز اور مسافروں کے درمیان تلخ کلامی کے واقعات بھی معمول بننے لگے ہیں۔ بڑھتے ہوئے سفری اخراجات نے عام آدمی کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے جبکہ غمی خوشی میں شرکت بھی کئی خاندانوں کے لیے مالی بوجھ بنتی جا رہی ہے۔ دوسری جانب اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے سفید پوش اور پسے ہوئے طبقے کو شدید پریشانی میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آمدن وہی ہے مگر روزمرہ اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث گھر کا بجٹ چلانا انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔ عوامی حلقوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک کو مضبوط بنانے کے لیے سب سے پہلے عوام کو معاشی طور پر مضبوط کیا جائے۔

سانگلہ ہل سے محبت میرے خون میں شامل ہے، جلد اپنے شہر آؤں گا۔ چیئرمین ٹاسک فورس فار انڈسٹری اینڈ پروڈکشن ملک اعظم

سانگلہ ہل (عمر حیات کانواں) چیئرمین ٹاسک فورس انڈسٹری اینڈ پروڈکشن ملک اعظم نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ سانگلہ ہل سے محبت میرے خون میں شامل ہے اور یہ شہر میرے دل کے بہت قریب ہے سانگلہ ہل صرف میرا شہر نہیں، میری پہچان، میری محبت اور میری زندگی کا ایک خوبصورت حصہ ہے۔ میں جلد سانگلہ ہل آؤں گا تاہم میری خواہش ہے کہ اپنے شہر آنے سے پہلے یہاں کے عوام کے لیے کوئی خوشخبری لے کر آؤں انہوں نے کہا کہ سانگلہ ہل کے عوام کی محبت اور اعتماد میرے لیے سرمایہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

کامیابیوں اور ریکارڈز کا سفر جاری، بطور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ تیسرا سال شروع ہو گیا: میاں رضوان مجید

حجرہ شاہ مقیم (مہر مشتاق احمد) کامیابیوں اور ریکارڈز کا سفر جاری، بطور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ تیسرا سال شروع ہو گیا: میاں رضوان مجید ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ میاں رضوان مجید نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بطور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ ذمہ سنبھالنے کے بعد کامیابیوں، شاندار کارکردگی اور نئے ریکارڈز کا سفر مسلسل جاری ہے اور اب اس سفر کا تیسرا سال شروع ہو چکا ہے۔ میاں رضوان مجید نے بتایا کہ 12 ستمبر 2024 کو بطور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ ذمہ داریاں سنبھالتے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

معروف بزنس مین رائے مکرم حسین کھرل کا ساتھیوں سمیت عمرہ کی سعادت کے بعد وطن واپسی پر فقید المثال استقبال کیا گیا

شیر گڑھ (نامہ نگار) معروف بزنس مین رائے مکرم حسین کھرل کا ساتھیوں سمیت عمرہ کی سعادت کے بعد وطن واپسی پر فقید المثال استقبال کیا گیا؛ محفل نعت میں منعقد کی گئی رپورٹ کیمطابق معروف بزنس مین وسینئر صحافی رائے مکرم حسین اپنے دیگر عزیز و اقارب کے ہمراہ زیارات مقدسہ اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے بعد وطن پہنچ گئے نئی آبادی پہنچنے پر انکا فقید المثال استقبال کیا گیا پھولوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ڈسکہ شہر و گردونواح میں بجلی کی بار بار غیر اعلانیہ بندش اور ٹرانسفارمرز خراب ہونے سے شہریوں کا سخت گرمی میں جینا محال

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر و گردونواح میں بجلی کی بار بار غیر اعلانیہ بندش اور ٹرانسفارمرز خراب ہونے سے شہریوں کا سخت گرمی میں جینا محال ہو گیا جبکہ بجلی کی بندش سے کاروباری زندگی بھی شدید متاثر۔ تفصیلات کے مطابق بیٹنگ، آئی ٹی، کمپوزنگ اور پرنٹنگ سیکٹر کا کاروبار تباہ ہونے لگ۔ فیشن ڈیزائنر اور سلائی کے کاریگر بھی ذہنی تناؤ کا شکار ہو رہے ہیں۔ جان لیوا گرمی میں بجلی کی طویل ترین بندش سے شہری بلبلا اٹھے، شہری گیپکو ڈسکہ کے افسروں سمیت عملہ کو جھولیاں اٹھا اٹھا کر بددعائیں، راتوں کو شہری راتیں جاگ کر گزارنے لگے، کاروبار زندگی بھی ٹھپ ہو کر رہ گئے۔ ڈسکہ اور گردونواح میں دن اور رات کے مسلسل کئی کئی گھنٹوں کی غیر اعلانیہ لو

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

نواز شریف ایک عظیم مدبر اور دور اندیش سیاسی رہنما ہیں، چوہدری لیاقت علی

سیاست میں ذاتی انتقام اور سیاسی مخالفین کو نشانہ بنانے کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ملک کو مضبوط مستحکم اور معاشی طور پر خود مختار بنانا اور عوام کو بہتر معیار زندگی فراہم کرنا ہے،

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما چوہدری لیاقت علی اتفاق فونڈری والے نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کے قائد میاں محمد نواز شریف ایک عظیم، مدبر اور دور اندیش سیاسی رہنما ہیں جو سیاست میں ذاتی انتقام اور سیاسی مخالفین کو نشانہ بنانے کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے، ان کی سیاست کا بنیادی مقصد ملک کو مضبوط مستحکم اور معاشی طور پر خود مختار بنانا اور عوام کو بہتر معیار زندگی فراہم کرنا ہے، سابق وزیر اعظم عمران خان اور جنرل پرویز مشرف کے ادوار میں مسلم لیگ ن کے قائد میاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول منڈیکی بیریاں کی واحد گرز گاہ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سرگودھا ریجنل سنٹر نئے کرائے کی عمارت میں منتقل

سرگودھا (سی ایم لنکس) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل سنٹر سرگودھا کو نئی کرائے کی عمارت میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے یونیورسٹی انتظامیہ نے طلبہ، ٹیوٹرز اور عوام کی سہولت کے لیے نئے دفتر کا پتہ جاری کر دیا ہے۔ نئے ریجنل سنٹر کا پتہ مکان نمبر 14، گلی نمبر 2، بلاک X، نیو سیٹلائٹ ٹاؤن، پنجاب گرلز کالج کے عقب، جنرل بس اسٹینڈ روڈ، سرگودھا ہے۔

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان چائلڈ پروٹیکشن یونٹ چنیوٹ کی نئی بلڈنگ کا دورہ کر رہی ہیں

گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول منڈیکی بیریاں کی واحد گرز گاہ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول منڈیکی بیریاں کی واحد گرز گاہ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔ معمولی بارش کے بعد گرز گاہ سمیت گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول میں مہینہ مہینہ گندہ پانی کھڑا رہتا ہے جس کی وجہ سے خطرناک بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ اس گلی میں اکثر گندہ پانی کھڑا رہتا ہے جس کی وجہ سے سٹوڈنٹس۔ ٹیچرز۔ اور اہل محلہ کو شدید مشکلات کا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

سینئر صحافی ذوالفقار احمد راحت کے آبائی گھر پر پولیس گردی

صحافتی تنظیموں کا مشترکہ ہنگامی اجلاس منعقد؛ ذمہ داران کیخلاف اندراج مقدمہ کا مطالبہ؛ اوچھے ہتھکنڈوں سے حق سچ لکھنے سے گریز نہیں کریں گے؛ ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی

شیر گڑھ (نامہ نگار) سینئر صحافی ذوالفقار احمد راحت کے آبائی گھر پولیس گردی پر صحافتی تنظیموں کا مشترکہ ہنگامی اجلاس منعقد؛ ذمہ داران کیخلاف اندراج مقدمہ کا مطالبہ؛ اوچھے ہتھکنڈوں سے حق سچ لکھنے سے گریز نہیں کریں گے؛ ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی؛ تفصیلات کیمطابق شیر گڑھ پریس کلب رجسٹرڈ، پاکستان پریس کلب راجوال، جناح پریس کلب چوک شاہ مقیم، یونین آف جرنلسٹ، قائداعظم پریس کلب جمرہ، امید پریس کلب چوک جمرہ، ہم خیال پریس کلب جمرہ، بہاول شیر پریس کلب جمرہ، نیو جمرہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

روزنامہ سحر کے آفس میں پریس کلب لالہ موسیٰ کے زیر تمام محفل میلاد شریف کا انعقاد کیا گیا

لالہ موسیٰ (بیورو چیف کھاریاں) روزنامہ سحر کے آفس میں پریس کلب لالہ موسیٰ کے زیر تمام محفل میلاد شریف کا انعقاد کیا گیا۔ گزشتہ روز روزنامہ سحر کے آفس میں محفل میلاد شریف منعقد ہوئی۔ محفل میلاد کی صدارت صدر پریس کلب لالہ موسیٰ محمد شہزاد دلبر نے کی۔ تلاوت حافظ احسان حیدر سیالوی نے کی۔ نقیب محفل حافظ محمد اقبال سیالوی نعت شریف معروف ثناخواں توقیر خالد۔ غلام مرتضیٰ سیالوی۔ رمیض علی اور خصوصی طاب حافظ علامہ وقار احمد صدیقی نے کیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی ندیم اصغر کائرہ سابقہ امیدوار ایم پی اے حلقہ پی پی 33 لالہ موسیٰ۔ مہمان گرامی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی لالہ موسیٰ تنویر عباس گجر۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ضلع بھر میں گرانفروشی کے خلاف پرائس کنٹرول کارروائیوں کا سلسلہ جاری

ٹوبہ ٹیک سنگھ (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام دوست ویژن اور ڈپٹی کمشنر ہاہم آصف ملک کی ہدایات پر ضلع بھر میں گرانفروشی کے خلاف پرائس کنٹرول کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالے سے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ مجاہد عباس کی زیر صدارت منعقد ہو۔

عوام کے مفت علاج معالجہ کے سیالکوٹ کے گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال میں ڈاکٹروں وعملہ کی سیٹوں سے غائب ہونے سے ہزاروں مریضوں کو سخت تکالیف کا سامنا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) عوام کے مفت علاج معالجہ کے سیالکوٹ کے گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال میں ڈاکٹروں وعملہ کی سیٹوں سے غائب ہونے سے ہزاروں مریضوں کو سخت تکالیف کا سامنا ہے، سرکاری گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال شہر اقبال کے مکینوں سمیت دوسروں کے علاج معالجہ مفت ادویات کی فراہمی کیلئے حکومت نے قائم کیا لیکن ایم ایس، ڈاکٹروں وعملہ کی اکثریت سیٹوں سے غائب رہنے لگی، تاجر محمد اویس کے مطابق غریبوں کی اکثریت سرکاری ہسپتال آتی ہے لیکن ڈاکٹروں کی اکثریت غائب ہونے سے مریض تکالیف میں ہیں جس کا انتظامیہ کو نوٹس لینا چاہیے، ڈاکٹروں کے کمروں کو تالے لگے رہتے ہیں اور انتظامیہ کی شکایات پر کوئی عمل نہ ہوسکنے کی وجہ سے مریضوں کو سخت تکلیف ہے، شہریوں نے سرکاری ہسپتال کے علاج معالجہ کے مسائل حل کرنے کی طرف فوری توجہ دینے کا مطالبہ کیا۔

چائلڈ پروٹیکشن انسٹی ٹیوشن نے 8 سالہ گمشدہ بچے علی ولد نوید کو حفاظتی تحویل میں لے لیا ہے

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) چائلڈ پروٹیکشن انسٹی ٹیوشن نے 8 سالہ گمشدہ بچے علی ولد نوید کو حفاظتی تحویل میں لے لیا ہے۔ بچے کو کلیانہ پولیس اسٹیشن پاکپتن سے حفاظتی تحویل میں لے کر چائلڈ پروٹیکشن بیورو سنٹر ساہیوال منتقل کر دیا گیا ہیجہاں بچے کی مناسب دیکھ بھال اور ضروری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ چائلڈ پروٹیکشن انسٹی ٹیوشن کی جانب سے بچے کے لواحقین کی تلاش جاری ہے تاکہ بچے کو اس کے والدین یا قریبی اہل خانہ تک بحفاظت پہنچایا جاسکے۔

حکومت کے مثالی اقدامات کے اثرات نمایاں ہونا شروع ہو چکے، ندیم عباس ربیرہ

اوکاڑہ (شکیل احمد آصم) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی چوہدری ندیم عباس ربیرہ نے کہا ہے کہ حکومت تمام تر چیلنجز کے باوجود ملک کو بحرانوں سے نکالنے اور عوام کو درپیش مسائل کے پائیدار حل کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ معاشی میدان میں حکومت کے مثالی اقدامات کے اثرات نمایاں ہونا شروع ہو چکے ہیں۔ افراطِ زر میں کمی، روپے کی قدر میں استحکام اور معاشی اشاریوں میں بہتری اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری سمت بالکل درست ہے۔ حکومت کی اولین ترجیح عام آدمی کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا اور ملک میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ اس سلسلے میں وفاقی اور صوبائی سطح پر ایسے منصوبوں پر کام جاری ہے جن سے براہِ راست عام شہری، کسان اور مزدور طبقات مستفید ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل کی قیادت مین ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ چوہدری ندیم عباس ربیرہ نے کہا کہ اوکاڑہ کے غیور اور باشعور عوام کی خدمت ان کا نصب العین ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حلقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، تعلیم اور صحت کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے تمام ضروری فنڈز اور منظوری حاصل کر لی گئی ہے۔

قومی کھیل ہاکی کی بحالی اور گراس روٹ لیول پر فروغ کیلئے پروقار تقریب کا انعقاد

ٹوبہ ٹیک سنگھ (سی ایم لنکس) گوجرہ انٹرنیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں قومی کھیل ہاکی کی بحالی اور گراس روٹ لیول پر فروغ کیلئے پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن اور اسپورٹس بورڈ پنجاب کے تعاون سے منعقدہ تقریب میں ضلع کے 75 اسکولوں کے انڈر 15 بوائز و گرلز کھلاڑیوں میں بین الاقوامی معیار کی ہاکی کٹس، اسٹکس، گیندیں اور دیگر ضروری کھیلوں کا سامان تقسیم کیا گیا۔ تقریب کی صدارت ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ ماہم آصف ملک نے کی۔

صوبہ بھر میں صفائی ستھرائی کے نظام میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی پنجاب عمر جاوید

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی پنجاب عمر جاوید نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں صفائی ستھرائی کے نظام میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق پنجاب کے تمام اضلاع، شہروں، دیہی علاقوں، گلی محلوں اور بازاروں میں صفائی کے موثر انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں۔ عوام کو صاف ستھرا اور صحت مند ماحول فراہم کرنا حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ صفائی کے عملے کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی کی جارہی ہے جبکہ صفائی کے نظام کو مزید موثر، منظم اور عوامی ضروریات کے مطابق بنانے کے لیے عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ڈی جی ستھرا پنجاب اتھارٹی عمر جاوید کا ستھرا پنجاب ایجنسی سیالکوٹ کے دفتر کا دورہ کرنے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی سیالکوٹ آصف اقبال، منیجر کمیونیکیشن فہد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

سیالکوٹ: ڈائریکٹر جنرل ستھرا پنجاب اتھارٹی پنجاب عمر جاوید اینٹی لٹرنگ سکواڈ کی موٹر سائیکل کا معائنہ کر رہے ہیں

روزنامہ سحر کے آفس میں پریس کلب لالہ موسیٰ کے زیر تمام محفل میلاد شریف کا انعقاد کیا گیا

سوئی گیس ٹاسک فورس کی کارروائی: 24 میٹر منقطع، 330 مقامات کی چیکنگ

ملتان (سی ایم لنکس) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) کی یو ایف جی کنٹرول ٹاسک فورس نے جنرل منیجر کی ہدایت پر گیس چوری، غیر قانونی استعمال اور تکنیکی خلاف ورزیوں کے خلاف جاری مہم کے تحت رواں ہفتے (پیر سے اب تک) کی کارروائیوں کی تفصیلات جاری کر دی ہیں۔ اس دوران ملتان کے مختلف علاقوں میں مجموعی طور پر 330 مقامات کی چیکنگ کی گئی، جس کے نتیجے میں قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر 24 میٹرز منقطع کر دیے گئے۔ تلاشی اور چیکنگ کے دوران سامنے آنے والی خلاف ورزیوں کی تفصیلات درج ذیل ہیں: کمپریسر کا استعمال: 6 میٹرز گیس کے غیر قانونی کمپریسر کے استعمال پر منقطع کیے گئے۔ توسیع شدہ کنکشنز (Extensions): 6 مقامات پر غیر قانونی توسیع ہٹائی گئی۔ غلط انلیٹ/آؤٹ لیٹ: 4 میٹرز انلیٹ اور آؤٹ لیٹ کے غلط استعمال/میٹر الٹا لگانے پر کاٹ دیے گئے۔

روزنامہ سحر کے آفس میں پریس کلب لالہ موسیٰ کے زیر تمام محفل میلاد شریف کا انعقاد کیا گیا

عوام نے منتخب کیا تو علاقے کی تعمیر وترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، پیر محمد اسلم نوشاہی



سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) یونین کونسل سید پور میں سیاسی و سماجی سرگرمیوں میں تیزی آگئی، چیئرمین یونین کونسل سید پور کے امیدوار پیر محمد اسلم نوشاہی نے کہا ہے کہ عوام نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں منتخب کیا تو علاقے کی تعمیر وترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ پیر محمد اسلم نوشاہی نے کہا کہ بلدیاتی نظام کا بنیادی مقصد عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا اور مقامی سطح پر ترقیاتی کاموں کو یقینی بنانا ہے۔ وہ کامیابی کی صورت میں یونین کونسل سید پور کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

پنجاب ٹیچرز یونین ضلع سیالکوٹ کی جانب سے سی ای او ایجوکیشن محمد سعید اصغر کی گریڈ 18 سے 19 میں پرموشن کے سلسلہ میں ان کے اعزاز میں عشایہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب ٹیچرز یونین ضلع سیالکوٹ کی جانب سے سی ای او ایجوکیشن محمد سعید اصغر کی گریڈ 18 سے 19 میں پرموشن کے سلسلہ میں ان کے اعزاز میں عشایہ۔ عشائیے میں سی ای او ایجوکیشن محمد سعید اصغر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری مرزا محمد آصف، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ایلیمنٹری رانا رمضان عتیق، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) ایلیمنٹری ونگ محترمہ راحیلہ سیماب، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ہیڈ کوارٹرز (سیکنڈری) محمد حسین، قیصر حسین شاہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن محمد اقبال گھمن، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر تحصیل سیالکوٹ افتخار احمد ساہی، کے علاوہ پنجاب ٹیچرز یونین کے ضلعی صدر محمد اصغر کاہلوں، ضلعی جنرل سیکرٹری سید دستار علی نقوی، سینئر نائب صدر امجد پرویز گھمن، ضلعی نائب صدر ناصر لطیف گجر، سینئر رہنما پنجاب ٹیچرز یونین رانا جاوید اختر، ارشد محمود، ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول جوڑیاں کلاں جناب ذوالفقار علی گھمن اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔

ضلع بھر میں گرانفروشی کے خلاف پرائس کنٹرول کارروائیوں کا سلسلہ جاری

ٹوبہ ٹیک سنگھ (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے عوام دوست ویژن اور ڈپٹی کمشنر ہاہم آصف ملک کی ہدایات پر ضلع بھر میں گرانفروشی کے خلاف پرائس کنٹرول کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس حوالے سے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ مجاہد عباس کی زیر صدارت منعقد ہو۔

عوام کے مفت علاج معالجہ کے سیالکوٹ کے گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال میں ڈاکٹروں وعملہ کی سیٹوں سے غائب ہونے سے ہزاروں مریضوں کو سخت تکالیف کا سامنا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) عوام کے مفت علاج معالجہ کے سیالکوٹ کے گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال میں ڈاکٹروں وعملہ کی سیٹوں سے غائب ہونے سے ہزاروں مریضوں کو سخت تکالیف کا سامنا ہے، سرکاری گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال شہر اقبال کے مکینوں سمیت دوسروں کے علاج معالجہ مفت ادویات کی فراہمی کیلئے حکومت نے قائم کیا لیکن ایم ایس، ڈاکٹروں وعملہ کی اکثریت سیٹوں سے غائب رہنے لگی، تاجر محمد اویس کے مطابق غریبوں کی اکثریت سرکاری ہسپتال آتی ہے لیکن ڈاکٹروں کی اکثریت غائب ہونے سے مریض تکالیف میں ہیں جس کا انتظامیہ کو نوٹس لینا چاہیے، ڈاکٹروں کے کمروں کو تالے لگے رہتے ہیں اور انتظامیہ کی شکایات پر کوئی عمل نہ ہوسکنے کی وجہ سے مریضوں کو سخت تکلیف ہے، شہریوں نے سرکاری ہسپتال کے علاج معالجہ کے مسائل حل کرنے کی طرف فوری توجہ دینے کا مطالبہ کیا۔

سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، ٹھیکیدار مافیا کو انجام تک پہنچائیں گے، ملک لطیف شہزاد

پاکپتن (نامہ نگار) سی ای او ایجوکیشن پاکپتن کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں، ٹھیکیدار مافیا کو انجام تک پہنچائیں گے، ان خیالات کا اظہار پنجاب ٹیچر یونین کے صوبائی صدر ملک لطیف شہزاد نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر نصر اللہ خان ورک، میاں خدا بخش، صفدر علی شاہ، ضلعی صدر محمد افضل بھٹی، انصر جاوید ناز، محمد نذیر انجم، طاہر سعید سرور اور رانا غلام حسین خان ودیگر بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول پاکپتن شریف میں 2 کروڑ سے زائد ٹھیکہ کے دوران سکول میں 13 نقائص پر مشتمل ناقص میٹریل اور غیر معیاری کام کرنے پر سی ای او ایجوکیشن شازیہ رفیق نے ٹھیکیدار کے خلاف بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کو انکشن اور بلڈنگ انکوائری رپورٹ کیلئے 25 اگست 2026 کو لیٹر لکھ دیا، ٹھیکیدار نے کاروائی اور ریکوری سے بچنے کیلیے الٹا جھوٹا وقوعہ بنا کر اینٹی کرپشن میں پرچہ کروادیا، ملک لطیف شہزاد نے کہا کہ کیا اس ملک میں ایماندار افسران اور اساتذہ کی یہی عزت ہے کہ الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے، سی ای او ایجوکیشن، سکول ہیڈ ماسٹر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور کلرک پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

سی ای او ایجوکیشن اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے خلاف اینٹی کرپشن کی کارروائی پر اصل حقائق سامنے آگئے

عارف والا (تحصیل رپورٹر) سی ای او ایجوکیشن اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے خلاف اینٹی کرپشن کی کارروائی پر اصل حقائق سامنے آگئے تعلیمی ذرائع اور محکمانہ ریکارڈ کے مطابق سی ای او ایجوکیشن میڈم شازیہ رفیق پر 12 سو ڈالر کی گھڑی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سجاد پر رشوت کا الزام تھا اصل حقائق کنٹرکشن کے دوران ناقص کام پر بل کی منسوخی: سی ای او ایجوکیشن میڈم شازیہ رفیق نے ٹھیکیدار کے پیش کردہ بل میں 14 مختلف شدید نقائص کی نشان دہی کرتے ہوئے الیکشن عائد کر کے بل پاس کرنے سے صاف انکار کر دیا۔ بدنیتی پر مبنی پروپیگنڈا: بل پاس نہ ہونے کا بدلہ لینے کی خاطر ٹھیکیدار نے اینٹی کرپشن کو مس گائیڈ کرتے ہوئے 12 سو ڈالر کی گھڑی کا من گھڑت اور زبانی کہانی پر مبنی پروپیگنڈا شروع کیا۔ رشوت کا من گھڑت ڈراما: ٹھیکیدار پری پلان منصوبہ بندی کے تحت اسسٹنٹ ڈائریکٹر سجاد کے دفتر میں داخل ہوا، اپنے ہاتھ میں پکڑی ڈائری (جس میں 40 ہزار روپے چھپائے گئے تھے) ٹیبل پر رکھی اور واش روم جانے کا بہانہ کیا۔ واپس آتے ہی اس نے اینٹی کرپشن ٹیم کو بلا کر ٹیبل پر موجود ڈائری کی طرف اشارہ کیا تاکہ افسر کو جھوٹے کیس میں الجھایا جاسکے۔

اوکاڑہ رائے زیاد حسین کی بطور ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول موضع جوئیہ تقرری، اہلِ علاقہ میں خوشی کی لہر سیاسی، صحافتی اور سماجی شخصیات کی مبارکباد

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ رائے زیاد حسین کی بطور ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول موضع جوئیہ تقرری، اہلِ علاقہ میں خوشی کی لہر سیاسی، صحافتی اور سماجی شخصیات کی مبارکباد تفصیلات کے مطابق رائے زیاد حسین کو بطور ہیڈ ماسٹر مقرر کیے جانے پر اہلِ علاقہ، تعلیمی حلقوں اور معززین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ مختلف سیاسی، سماجی اور صحافتی شخصیات نے رائے زیاد حسین کو نئی ذمہ داری سنبھالنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ رائے زیاد حسین ایک قابل، محنتی اور فرض شناس استاد ہیں۔ انہیں ہیڈ ماسٹر کی ذمہ داری ملنا ان کی صلاحیتوں اور تعلیمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری مجتبیٰ حسن تتلہ کی سیف اللہ ملہی ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے گھر آمد

بدوملہی (بیورو چیف یاسر ملہی سے) ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری مجتبیٰ حسن تتلہ کی سیف اللہ ملہی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن نارووال میں وکلاء کے مسائل پر بات چیت کی اسکے علاوہ ممبر پنجاب بار کونسل

ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کے گھر آمد بانی دلچسپی کے امور نے اس سلسلہ میں جاری کوششوں سے آگاہ کیا۔

کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران واہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی گئی

بہاول پور (سی ایم لنکس) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا کی جانب سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران و اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ کمشنر نے کمشنر آفس کے ان افسران و اہلکاروں میں تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کیے جنہوں نے اپنے فرائض کی انجام دہی کے ساتھ بالخصوص عوامی شکایات کے بروقت ازالے اور مسائل کے حل کے حوالے سے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر کمشنر بہاولپور ڈویژن نے کہا کہ عوامی مسائل اور شکایات کا بروقت، شفاف اور مؤثر ازالہ انتظامی امور میں اولین ترجیح ہے، جبکہ عوامی شکایات کے حل میں کسی قسم کی تاخیر قابل قبول نہیں۔ انہوں نے افسران و اہلکاروں کو ہدایت کی کہ شکایات پر فوری ردعمل، مؤثر مانیٹرنگ اور مسلسل فالو اپ کے ذریعے ازالے کے عمل کو مزید ہموار اور نتیجہ خیز بنایا جائے۔ کمشنر نے کہا کہ اچھی کارکردگی کا اعتراف نہ صرف ملازمین کی حوصلہ افزائی کا باعث بنتا ہے بلکہ اس سے دفتری امور میں بہتری، ذمہ داری اور عوامی خدمت کے جذبے کو بھی فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے افسران واہلکاروں پر زور دیا کہ وہ محنت، لگن، ذمہ داری اور جوابدہی کے اصولوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے فرائض انجام دیں اور عوام کو بروقت ریلیف کی فراہمی یقینی بنائیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے کے موجودہ طریقہ کار کو مزید مؤثر بنایا جائے اور ہر شکایت پر مقررہ وقت میں کارروائی اور پیش رفت کی باقاعدہ نگرانی یقینی بنائی جائے۔ کمشنر نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو تعریفی سرٹیفکیٹس دیتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا اور مستقبل میں بھی اسی جذبے اور لگن کے ساتھ کارکردگی جاری رکھنے کی تلقین کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ریونیو ملک خاور حیات اور ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن نعیم صادق چیمہ بھی موجود تھے۔

تھانہ صدر جلالپور جٹاں کے علاقہ میں پرتشدد ویڈیو کا معاملہ۔ ڈی پی او گجرات کا سخت نوٹس نند پور کے رہائشی نوجوان پر تشدد کرنے والے دو مرکزی ملزمان چند گھنٹوں میں گرفتار

گجرات (سید طارق حسین+زیڈ اے بھٹی) تھانہ صدر جلالپور جٹاں کے علاقہ میں پرتشدد ویڈیو کا معاملہ۔ ڈی پی او گجرات کا سخت نوٹس نند پور کے رہائشی نوجوان پر تشدد کرنے والے دو مرکزی ملزمان چند گھنٹوں میں گرفتار

تفصیلات کے مطابق آج مورخہ 31.08.2026 کو تھانہ صدر جلالپور جٹاں کے علاقہ میں سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں چند ملزمان نے کھاریاں روڈ نزد Zoom پٹرول پمپ، سابقہ رنجش پر نند پور کے رہائشی نوجوان یاسر شوکت کو ڈنڈے سوٹوں کے ساتھ بیہمانہ تشدد کا نشانہ بنایا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے وقوعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ صدر جلالپور جٹاں کو فوری مقدمہ کے اندراج اور ملزمان کی گرفتاری کی ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او گجرات کی ہدایت پر متاثرہ نوجوان کی کی مدعیت میں واقع کا مقدمہ تھانہ صدر جلالپور جٹاں میں درج کر لیا گیا۔ ایس ایچ او تھانہ صدر جلالپور جٹاں انسپکٹر سجاد اعظم کی سربراہی میں پولیس نے خصوصی آپریشن کر کے واقع میں ملوث دو مرکزی ملزمان 1۔ اصغر علی ولد محمد حسین، 2۔ علی حسن ولد ظفر اقبال سکنائے نند پور کو گرفتار کر لیا۔ جن سے انٹیروگیشن جاری ہے جبکہ بقیہ ملزمان کی گرفتاری کے لئے پولیس کے چھاپے جاری ہیں۔ ڈی پی او گجرات کا کہنا ہے کہ شہریوں پر تشدد یا کسی بھی غیر قانونی اقدام کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔

سانگلہ ہل: بیوٹیفکیشن پروگرام کھٹائی میں پڑ گیا، ٹھیکیدار فارغ، بہتر کارکردگی والا اور ایماندار ٹھیکیدار ڈھونڈ رہے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر

سانگلہ ہل (عمر حیات کانواں) سانگلہ ہل: بیوٹیفکیشن پروگرام کھٹائی میں پڑ گیا، ٹھیکیدار فارغ، بہتر کارکردگی والا اور ایماندار ٹھیکیدار ڈھونڈ رہے ہیں، اسسٹنٹ کمشنر اسسٹنٹ کمشنر اسامہ امانت نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیوٹیفکیشن پروگرام پر کام کرنے والے ٹھیکیدار نے ناقص میٹیریل استعمال کر رہا تھا جس کی بناء پر اسے فارغ کر دیا گیا ہے اب کسی ایسے ٹھیکیدار کو کام دیں گے جس کا بیوٹیفکیشن پر کام کا تجربہ ہو ایماندار ہو اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل اسامہ امانت نے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ کام میں تاخیر کے باعث تاجر برادری کو مشکلات ہیں مگر یہ پریشانی چند روز کی ہے اور بہت جلد حمید نظامی روڈ اور کمیٹی بازار میں تزئین و آرائش کا کام دوبارہ شروع کر دیا جائے گا اور سانگلہ ہل کو ایک مثالی شہر بنا دیا جائے گا فی الحال ہمیں تاجر برادری کا تعاون درکار ہے۔

مرکزی میلاد کمیٹی پاکپتن کی جانب سے اعلیٰ خدمات پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہسپتال پاکپتن ڈاکٹر حافظ محمد احسن وسیم کو ایوارڈ سے نوازا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) مرکزی میلاد کمیٹی پاکپتن کی جانب سے اعلیٰ خدمات پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ ہسپتال پاکپتن ڈاکٹر حافظ محمد احسن وسیم کو ایوارڈ سے نوازا گیا، اور دستار بندی کی گئی، تفصیلات کے مطابق مرکزی میلاد کمیٹی کے جنرل سیکرٹری راؤ عظمت اللہ خان سابق صدر پریس کلب پاکپتن وقار فرید جگنو سیکرٹری انفارمیشن پریس کلب پاکپتن حیدر علی شہزاد، سینئر نائب صدر پریس کلب پاکپتن احمد شجاع بودلہ، چیئرمین نور پور پریس کلب غلام حسین بھٹی صدر پریس کلب نور پور محمد خان ہنجرا ن

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حکومت کا شرح سود برقرار رکھنے کا اعلان

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی مانیٹری پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریٹ 11.5 فیصد پر برقرار رکھنے کا اعلان کردیا۔ اسٹیٹ بینک کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق اس حوالے سے اجلاس ا?ج منعقدہ ہوا جس میں فیصلے کی 10 میں سے 7 ارکان نے حمایت کی۔ کمیٹی کے مطابق مشرق وسطی میں جاری طویل تنازع شدت اختیار کرنے سے پہلے ہی بلند عالمی اجناس کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوا ہے جبکہ سپلائی چین میں رکاوٹیں برقرار ہیں تاہم ملکی سطح پر حالیہ معاشی اعداد و شمار مجموعی طور پر کمیٹی کی توقعات کے مطابق رہے۔ کمیٹی کے مطابق اگست میں سالانہ بنیاد پر مجموعی مہنگائی جولائی کی 9.2 فیصد کے مقابلے میں بڑھ کر 11.1 فیصد ہوگئی، تاہم بنیادی مہنگائی توقعات سے معمولی کم رہی۔ بیرونی کھاتے پر دباؤ قابو میں رہا جس میں ترسیلات زر اور مالیاتی آمدنی میں اضافے نے اہم کردار ادا کیا۔ چوتھی سہ ماہی مالی سال 2026 میں معاشی سرگرمیوں میں سست روی کے بعد حالیہ بلند تعدد والے اشاریوں سے معاشی سرگرمیوں میں بتدریج بہتری کے آثار ظاہر ہوئے ہیں۔ کمیٹی نے قرار دیا کہ موجودہ زری پالیسی کا مؤقف درمیانی مدت میں مہنگائی کو 5 سے 7 فیصد کے ہدف تک لانے کے لیے موزوں ہے، تاہم بغرافیائی سیاسی صورتحال میں بگاڑ کے باعث معاشی منظرنامے سے متعلق غیر یقینی صورتحال میں اضافہ ہوا ہے۔ کمیٹی نے بتایا کہ گزشتہ اجلاس کے بعد پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ موڈیز نے مستحکم منظرنامے کے ساتھ بڑھا کر بی تھری کردی۔ پاکستان نے یورو بانڈز کے ذریعے عالمی کیپٹل مارکیٹ سے 3 ارب ڈالر حاصل کیے، جبکہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے مسلسل زرمبادلہ کی خریداری کے باعث اس کے زرمبادلہ ذخائر 21 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئے۔ ستمبر میں کاروباری اداروں اور صارفین کی مہنگائی کی توقعات میں اضافہ جبکہ اعتماد میں کمی ہوئی۔ جون میں بڑی صنعتوں کی پیداوار میں 3.5 فیصد کی ہوئی، تاہم مالی سال 2026 میں مجموعی صنعتی نمو 5 فیصد رہی۔ مالی سال 2026 میں مالیاتی استحکام بجٹ میں مقررہ ہدف سے بہتر رہا۔ جولائی اور اگست مالی سال 2027 میں ایف بی آر کی ٹیکس وصولیاں ہدف کے مطابق رہیں، جبکہ اسٹیٹ بینک نے حکومت کو بجٹ میں مختص 1.4 ٹریلین روپے کے مقابلے میں 1.9 ٹریلین روپے کا منافع منتقل کیا۔ بیرونی شعبے کے بارے میں کمیٹی نے کہا کہ جولائی میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑی حد تک توقعات کے مطابق رہا، کیونکہ اشیا اور خدمات کی درآمدات میں اضافہ برآمدات اور ترسیلات زر میں اضافے سے زیادہ رہا۔ ستمبر میں یورو بانڈز کے اجرا اور اسٹیٹ بینک کی جانب سے نمایاں زرمبادلہ خریداری کے باعث اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر بڑھ کر 21.4 ارب ڈالر ہوگئے۔ کمیٹی کے مطابق مالی سال 2027 میں ترسیلات زر میں استحکام اور آئی سی ٹی برآمدات میں اضافے کے باعث کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کے 0 سے 1 فیصد کے اندر رہنے کی توقع ہے۔ منصوبہ بندی کے مطابق مالیاتی آمدنی کی وصولی اور اسٹیٹ بینک کی مسلسل زرمبادلہ خریداری بیرونی مالیاتی ضروریات پوری کرنے اور ذخائر کو سہارا دینے میں مدد دے گی، جو جون 2027 کے اختتام تک تقریباً تین ماہ کی درآمدات کے برابر ہونے کی توقع ہے۔ کمیٹی کے مطابق مالیاتی شعبے میں مالی سال 2026 کے دوران مالیاتی استحکام بجٹ کے اہداف سے بہتر رہا، جس کی بنیادی وجہ جاری اخراجات، بالخصوص سود کی ادائیگیوں میں کمی رہی۔ مالی سال 2027 کے ابتدائی دو ماہ میں ٹیکس وصولیاں ایف بی آر کے اہداف کے مطابق رہیں، تاہم گزشتہ سال کے مقابلے میں ان کی شرح نمو کم ہوئی۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے بجٹ سے کہیں زیادہ 1.9 ٹریلین روپے منافع کی منتقلی نے مالی سال 2027 کے مالیاتی منظرنامے کو بہتر کیا ہے۔ کمیٹی نے ٹیکس آمدن کے ہدف کے حصول اور ٹیکس بنیاد وسیع کرنے اور سرکاری کاروباری اداروں کے نقصانات کم کرنے سمیت مالیاتی اصلاحات کی رفتار تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ کمیٹی کے مطابق رقم اور قرضوں کے شعبے میں 28 اگست تک وسیع تر زر کی شرح نمو سالانہ بنیاد پر کم ہو کر 11.6 فیصد ہوگئی جو گزشتہ اجلاس کے وقت 13.2 فیصد تھی۔ اس کمی کی وجہ بینکاری نظام کے خالص ملکی اور خالص غیر ملکی اثاثوں کی کم شراکت رہی۔ نجی شعبے کے قرضوں میں سالانہ بنیاد پر 13.4 فیصد اضافہ ہوا، جسے بینکاری نظام سے حکومت کی خالص بجٹ قرض گیری میں کمی اور معاشی سرگرمیوں میں بحالی سے مدد ملی۔ نجی شعبے کے قرضوں میں اضافہ ورکنگ کیپٹل، مقررہ سرمایہ کاری اور صارفین کی فنانسنگ سمیت مختلف شعبوں میں وسیع پیمانے پر ہوا، جبکہ ہول سیل و ریٹیل تجارت، زراعت اور شوگر بڑے قرض لینے والے شعبے رہے۔ مہنگائی کے حوالے سے کمیٹی نے بتایا کہ جولائی میں سالانہ بنیاد پر مجموعی مہنگائی 9.2 فیصد جبکہ اگست میں 11.1 فیصد رہی۔ حالیہ مہنگائی میں اضافے کی بڑی وجہ گندم اور متعلقہ مصنوعات اور جلد خراب ہونے والی اشیا کی بلند قیمتوں کے باعث غذائی مہنگائی رہی۔

ادارہ اور عوام کے لیے امید کی کرن: افضل خان نیازی کے افسرانہ کردار کی تحلیل

میانوالی کی دھرتی ہمیشہ سے بہادری، جرات، خودداری اور ملک سے محبت کرنے والے لوگوں کی سرزمین رہی ہے۔
اس زرخیز مٹی نے ایسے کئی سپوت پیدا کیے
جنہوں نے اپنی صلاحیت،
جرات اور کردار سے وطنِ عزیز کی خدمت کی
اور اپنے میانوالی کا نام روشن کیا۔
یہ وہ دھرتی ہے جہاں جذب حب الوطنی صرف لفظ نہیں بلکہ کردار کا حصہ دکھائی دیتا ہے۔
اسی سرزمین سے تعلق رکھنے والے ڈپٹی ڈائریکٹر ایف آئی اے افضل خان نیازی بھی اپنی پیشہ ورانہ

قابلیت،
ذہانت اور افسرانہ ذمہ داری کے باعث ایک نمایاں شناخت رکھتے ہیں۔۔۔۔
میرے محترم قارئین۔۔۔
تحریر کے آغاز ہی میں ایک وضاحت اپنے معزز قارئین کے لیے ضروری سمجھتا ہوں۔
کہ میری 35 سالہ صحافتی زندگی میں افضل خان نیازی سے میری ذاتی طور پر صرف دو ملاقاتیں ہوئی ہیں،
وہ بھی ایک طویل ترین عرصہ پہلے۔ اس لیے ان کے بارے میں یہ تحریر نہ کسی ذاتی قربت کا نتیجہ ہے، نہ کسی تعلق یا مفاد کی بنیاد پر لکھی جارہی ہے۔
صحافت میں قلم کی سب سے بڑی حرمت یہی ہے کہ کسی شخصیت کو اس کے منصب یا ذاتی تعلق سے نہیں
بلکہ اس کے کردار، صلاحیت اور کام کے حوالے سے پرکھا جائے۔ میں جو کچھ لکھ رہا ہوں، وہ اسی صحافتی احساس اور ان کے بارے میں سامنے آنے والی اچھی آرا کے تناظر میں ہے۔
ایف آئی اے کے کئی افسران سمیت
جناب ماجد اعوان ڈپٹی ڈائریکٹر جو اپنے شائستہ رویئے قابلیت اور مہمان نوازی سے جانے اور پہچانے جاتے ہیں نے بھی افضل نیازی کی قابلیت کا اعتراف کرتے ہوئے کہا تھا
کہ افضل نیازی ایک قابل اور باصلاحیت افسر ہیں،
جو اپنی قابلیت اور ذہانت کے باعث بہت جلد اپنے ہر مخاطب کو اپنی شخصیت کا گرویدہ بنا لیتے ہیں۔
ایف ائی اے کے دیگر افسران سمیت ماجد اعوان کی یہ رائے بھی اپنی جگہ اہم ہے،
مگر بات صرف ایک افسر کی تعریف تک محدود نہیں
۔ ایف آئی اے میں بہت سے ایسے افسران موجود ہیں جو اپنی محنت، دیانت، فرض شناسی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ذریعے ادارے کے وقار میں اضافہ کررہے ہیں۔ افضل نیازی بھی
اسی قابلِ احترام قافلے کا ایک نمایاں نام ہیں۔
لفظ لکھتے ہوئے مجھے خوشی ہو رہی ہے کہ میرے میانوالی کی زرخیز مٹی سے تعلق رکھنے والے ایک ایسے افسر کا تذکرہ قلم کی نوک پر آرہا ہے جن کی شخصیت کو محض ایک سرکاری عہدے کے آئینے میں نہیں دیکھا جا سکتا۔ بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ اپنی خوش اخلاقی بردباری اور قابلیت ذہانت اور تحمل مزاجی میں اپنی مثال آپ ہیں
افضل نیازی
درِ دل و جان کی گہرائیوں سے اٹھتی ہوئی ایک ایسی مہتاب نما کرن ہیں
جو ادرا کی فضاؤں میں اخلاق و حکمت کی روشنی بکھیرتی ہے، ہر پیچیدہ اور پر پیچ معاملے کی تاریکیوں کو روشن کرتی اور انسانی اضطراب و اضطرار میں صبر و استقامت کی روشنی فراہم کرتی ہے۔
یہی وہ مقام ہے جہاں ایک افسر کا منصب محض کرسی نہیں رہتا بلکہ کردار کا آئینہ بن جاتا ہے۔
افضل خان نیازی کے سفر کو اسی زاویے سے دیکھا جائے تو ان کی شخصیت میں پیشہ ورانہ تدبیر، انسانی ہمدردی
اور افسرانہ وقار کا ایک ایسا امتزاج دکھائی دیتا ہے
جو انہیں محض ایک عہدے دار سے ایک قابلِ ذکر شخصیت بنا دیتا ہے
ایف آئی اے جیسے حساس اور اہم قومی ادارے میں ذمہ داریوں کا بوجھ
بظاہر جتنا دکھائی دیتا ہے،
حقیقت میں اس سے کہیں زیادہ گہرا اور وسیع ہوتا ہے۔
ملکی سلامتی،
عوامی تحفظ،
قانونی کارروائیاں، داخلی نگرانی،
انسدادِ جرائم،
سائبر کرائم،
اقتصادی معاملات اور دیگر

حساس ذمہ داریوں کے درمیان ایک افسر کو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا پڑتا ہے۔
یہاں ایک معمولی فیصلے کے اثرات بھی کبھی کبھی دور تک جاتے ہیں۔
ایسے میں افسرانہ بصیرت، قانونی فہم، معاملہ شناسی اور انسانی ہمدردی
ایک دوسرے سے جدا نہیں رہتے
بلکہ ایک ہی فیصلے کے مختلف پہلو بن جاتے ہیں۔
افضل خان نیازی کی افسرانہ بصیرت اور ادارتی تدبیر کے حوالے سے جو تاثر سامنے آتا ہے،
اس میں یہی پہلو نمایاں دکھائی دیتا ہے کہ پیچیدہ معاملات کو محض پیچیدگی سمجھ کر چھوڑ دینا ان کے مزاج کا حصہ نہیں۔
ان کے سامنے آنے والا مسئلہ ایک ایسی گرہ کی مانند ہوتا ہے
جسے صبر، تدبر اور حکمت کے ہاتھوں کھولا جا سکتا ہے۔
ہر پیچیدہ اور پر پیچ معاملے کی تاریکیوں میں راستہ تلاش کرنا، ہر انسانی اضطراب میں حوصلے کی شمع روشن کرنا
اور ہر مشکل صورتِ حال میں قانون و انصاف کے دائرے کو ملحوظ رکھنا ہی دراصل افسرانہ بصیرت کا امتحان ہے۔
ایک اچھا افسر صرف فیصلے نہیں کرتا،
وہ اپنے فیصلوں کے اثرات کو بھی سمجھتا ہے۔
وہ صرف ماتحتوں کو احکامات نہیں دیتا
بلکہ اپنے کردار سے رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ وہ صرف عوام کے مسائل سنتا نہیں
بلکہ ان مسائل کے پیچھے موجود انسانی اضطراب کو بھی محسوس کرتا ہے۔
یہی وہ مقام ہے
جہاں افسرانہ وقار اور انسانی ہمدردی ایک دوسرے میں مدغم ہو کر ایک ایسی تصویر بناتے ہیں
جس میں ادارہ بھی نظر آتا ہے اور انسان بھی۔
افضل خان نیازی کی شخصیت کا یہی پہلو انہیں قابلِ ذکر بناتا ہے۔ ان کے ہر عمل،
ہر قدم،
ہر مکالمے اور ہر فیصلے میں ایک ایسی روشنی محسوس ہوتی ہے
جو ماتحت افسران کے لیے اخلاق و دیانت کی کرنیں بکھیر سکتی ہے اور عوام کے دلوں میں اعتماد و امید کی شمع روشن کر سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ
ان کی شخصیت میں عقل و تدبیر کی تابناکی،
انصاف و دیانت کی



عظمت،
عوامی خدمت کا جذبہ اور ہر انسان کے ساتھ احترام و مہربانی کا احساس ایک ساتھ دکھائی دیتا ہے۔
یہی وہ اوصاف ہیں جو کسی بھی مثالی افسر کی شناخت بنتے ہیں۔
جو لوگ کسی افسر کو قریب سے دیکھتے اور اس کے ساتھ کام کرتے ہیں، وہ اس کے اصل مزاج کو زیادہ بہتر جانتے ہیں۔
اسی لیے کسی نہ عہدے پر فائز ماتحت یا افسر کی تعریف اس وقت زیادہ معنی رکھتی ہے جب وہ تعریف اس کے اپنے پیشہ ورانہ حلقے سے سامنے آئے۔
ہمارے محترم جناب ماجد اعوان سمیت کئی شخصیات کی جانب سے افضل نیازی کی قابلیت کا اعتراف اسی حوالے سے اہمیت رکھتا ہے،
جبکہ ایف آئی اے کے دیگر افسران کی محنت اور کردار بھی اس پورے ادارتی منظرنامے کا قابلِ احترام حصہ ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے
افسرانہ دنیا میں بعض شخصیات ایسی ہوتی ہیں جن کے بارے میں لکھتے ہوئے محسوس ہوتا ہے
کہ الفاظ محض الفاظ نہیں رہتے
بلکہ شخصیت کے مختلف پہلوؤں کو چھونے کی کوشش کرنے لگتے ہیں۔
افضل خان نیازی بھی میرے لیے اسی نوعیت کی ایک شخصیت ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ
وہ ادارتی کائنات کے سنجیدہ شاعر کی مانند ہیں،
جہاں ہر عمل ایک معیار،
ہر اقدام
ایک اصول اور ہر فیصلہ ایک ایسی تحریر بن جاتا ہے
جس کے اثرات صرف فائلوں تک محدود نہیں رہتے
بلکہ انسانوں کے رویوں اور احساسات تک پہنچتے ہیں۔
ایک افسر کے لیے اس سے بڑا اعزاز کیا ہو سکتا ہے کہ اس کے ماتحت اسے رہنمائی کا ذریعہ سمجھیں
اور عوام اسے اپنے مسائل کے حل کی امید کے ساتھ دیکھیں۔
اختیار عارضی ہوتا ہے، منصب بھی وقت کے ساتھ بدل جاتا ہے
، مگر حسنِ کردار کے نقوش دیر تک باقی رہتے ہیں۔ اسی لیے ہم سمجھتے ہیں کہ
افضل خان نیازی کی عوام دوستی اور انسانی ہمدردی کا ذکر بھی اسی تناظر میں سامنے آتا ہے
۔ کسی شہری کے لیے سرکاری دفتر کا دروازہ کبھی کبھی ایک ایسے دروازے کی مانند ہوتا ہے
جس کے دوسری طرف اسے اپنی مشکل کا حل نظر آتا ہے۔
وہاں اگر اسے احترام، تحمل اور قانون کے مطابق رہنمائی مل جائے تو ادارے کے بارے میں اس کے دل میں اعتماد پیدا ہوتا ہے۔
ہر شہری کے دل میں اعتماد اور ہر افسر کے ذہن میں اخلاق و دیانت کا عکس تابناک طور پر جلوہ افروز ہو، تو یہی کسی ادارے کی حقیقی کامیابی ہوتی ہے اگر
افضل خان نیازی کے کردار کو اگر ایک استعارے میں بیان کیا جائے
تو وہ تاریک راستے میں جلنے والی اس مشعل کی مانند ہیں
جو منزل کا دعویٰ نہیں کرتی
بلکہ مسافر کو راستہ دکھانے اور ساتھ چلنے کا حوصلہ بھی دیتی ہے۔ اور منزل تک ساتھ بھی چلتے ہیں یہی وجہ ہے کہ
ان کی منصوبہ بندی میں تدبیر،
فیصلوں میں معاملہ فہمی
اور رویے میں انسانی احساس کا امتزاج ایک ایسا تاثر پیدا کرتا ہے جو ایک افسر کی شخصیت کو محض سرکاری شناخت سے بہت آگے لے جاتا ہے۔
ایف آئی اے کے ہر محاذ پر موجود ذمہ داریوں کو سمجھنا عام انسان کے بس کی بات نہیں۔
ہر لمحہ ایک نئی صورتِ حال،
ہر فائل کے پیچھے ایک نیا معاملہ،
ہر شکایت کے پیچھے ایک انسانی کہانی
اور ہر فیصلے کے پیچھے قانون و انصاف کی ذمہ داری موجود ہوتی ہے
۔ ایسے ماحول میں جو افسر تحمل کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے، وہ یقیناً ادارے کے لیے ایک قیمتی اثاثہ ہوتا ہے
میں نے افضل خان نیازی کی شخصیت کو اسی پس منظر میں دیکھا
سنا اور محسوس کیا تو ان کے افسرانہ وقار اور انسانی ہمدردی کا امتزاج میرے ذہن اور دل میں ایک روشن تصویر کی صورت اختیار کرتا ہے۔
کیونکہ میرے میاں والی کے اس قابل فخر سپوت کی کارکردگی اور
ہر منصوبہ بندی
ایک شاعرانہ کائنات، ہر فیصلہ
ایک سنہرے نقش
اور ہر اقدام ایک ایسی تحریر کی مانند ہو سکتا ہے
جسے وقت اپنے حافظے میں محفوظ کر لیتا ہے۔
یہی وجہ ہے کہ افضل خان نیازی کا ذکر کرتے ہوئے میانوالی کا حوالہ خود بخود آ جاتا ہے۔ کیونکہ کسی شخص کی کامیابی صرف اس کی اپنی کامیابی نہیں ہوتی،

اس کے ساتھ اس مٹی کا نام بھی جڑ جاتا ہے جہاں سے وہ اٹھا ہو۔
میانوالی کی دھرتی کے تمام سپوتوں سمیت اس سپوت کے لیے بھی یہ نسبت یقیناً باعثِ فخر ہے،
اور میانوالی کے لوگوں کے لیے بھی خوشی کا باعث کہ ان کی سرزمین کا ایک فرد ایک اہم قومی ادارے میں اپنی ذمہ داریاں بہترین انداز میں ادا کر رہا ہے۔
میرے نزدیک کسی افسر کی حقیقی عظمت بلند القاب میں نہیں
بلکہ اس کے کردار میں ہوتی ہے۔
اصل کمال یہ ہے کہ اختیار انسان کو مغرور نہ کرے،
منصب اسے عام آدمی سے دور نہ کرے،
اور ذمہ داری اسے قانون، اخلاق اور انسانی ہمدردی سے غافل نہ کرے۔
افضل خان نیازی کے حوالے سے جو تصویر سامنے آتی ہے،
اس میں ایک ایسے افسر کے خدوخال نمایاں ہیں
جو اپنے منصب کو محض اختیار نہیں بلکہ ذمہ داری سمجھتے ہیں۔
اور آخر میں پھر اپنے قارئین کے لیے وہ بات دہرانا ضروری سمجھتا ہوں کہ میری طویل ترین صحافتی زندگی میں افضل خان نیازی سے صرف دو ملاقاتیں ہوئی ہیں،
وہ بھی ایک طویل عرصہ پہلے۔
اس لیے اس تحریر کو کسی ذاتی تعلق،



قربت یا مفاد کے آئینے میں نہ دیکھا جائے۔
میں نے قلم صرف اس لیے اٹھایا ہے کہ بعض شخصیات کے بارے میں اچھے الفاظ لکھنا بھی صحافت کی ایک خوبصورت روایت ہے،
بشرطیکہ وہ الفاظ کسی ذاتی فائدے کے لیے نہیں
بلکہ مشاہدے، معلومات اور ایک صحافی کے اپنے احساسِ ذمہ داری سے نکلیں۔
ایف آئی اے کے تمام ماتحتان و افسران کیلیے ہماری دعائیں ہیں اور محترم افضل خان نیازی کے لیے بھی میری یہی دعا ہے کہ میانوالی کی اس زرخیز دھرتی سے اٹھنے والا یہ سپوت اپنے منصب کو اسی وقار،
تدبر،
شرافت،
قانون پسندی اور انسانی ہمدردی کے ساتھ نبھاتا رہے،
اور اس کے افسرانہ کردار کی روشنی ادارے کے ساتھ ساتھ عوام کے اعتماد میں بھی اضافہ کرتی رہے۔
شر کیونکہ عہدے وقت کے ساتھ بدل جاتے ہیں، مگر کردار کے روشن نقوش وقت کی پیشانی پر دیر تک باقی رہتے ہیں۔
اوطنِ عزیز سلامت رہے،
ایف ائی اے کا وقار بلند رہے
اور عوام کے دلوں میں امید و اعتماد کی روشن شمع ہمیشہ فروزاں رہے۔
پاکستان زندہ و پائندہ باد!

آنکھ سے نظر تک

عباس ملک
0300-5558352

---

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

پہلوانوں کے شہر سے — GUJRANWALA

افتخار احمد چوہان

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق
گوجرانوالہ بورڈ میں جدید کیو منجمنٹ اور ڈیجیٹل ٹوکن سسٹم فعال

وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن اور صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن رانا سکندر حیات کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تعلیمی بورڈز میں اصلاحات اور طلبا و سائلین کو بہتر، معتبر اور باوقار سہولیات کی فراہمی کا عمل تیزی سے جاری ہے

نئے نظام کے تحت بورڈ آنے والے طلبا، والدین، اساتذہ اور دیگر سائلین کو مطلوبہ سروس کے مطابق خودکار ڈیجیٹل ٹوکن جاری کیے جا رہے ہیں، جس سے انہیں طویل قطاروں میں انتظار کی زحمت سے نجات ملے گی اور وہ منظم و باوقار انداز میں اپنی باری پر متعلقہ کاؤنٹر سے مطلوبہ سہولت حاصل کر سکیں گے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن اور صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن رانا سکندر حیات کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں تعلیمی بورڈز میں اصلاحات اور طلبا و سائلین کو بہتر، معتبر اور باوقار سہولیات کی فراہمی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ اسی سلسلے میں چیئرپرسن بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ، انجینئر ڈاکٹر اقصیٰ شبیر کی خصوصی ہدایت پر بورڈ کے ون ونڈو آپریشن میں جدید خودکار کیو منجمنٹ سسٹم (Queue Management System) اور ڈیجیٹل ٹوکن مشین فعال کر دی گئی ہے۔ نئے نظام کے تحت بورڈ آنے والے طلبا، والدین، اساتذہ اور دیگر سائلین کو مطلوبہ سروس کے مطابق خودکار ڈیجیٹل ٹوکن جاری کیے جا رہے ہیں، جس سے انہیں طویل قطاروں میں انتظار کی زحمت سے نجات ملے گی اور وہ منظم و باوقار انداز میں اپنی باری پر متعلقہ کاؤنٹر سے مطلوبہ سہولت حاصل کر سکیں گے۔ اس موقع پر چیئرپرسن انجینئر ڈاکٹر اقصیٰ شبیر نے کہا کہ تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ صوبہ پنجاب میں آن لائن خدمات کی فراہمی کے حوالے سے نمایاں مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ کی جانب سے آن لائن سہولیات میں مسلسل اضافہ کیا جا رہا ہے، جبکہ دفاتر آنے والے طلبا اور شہریوں کے قیمتی وقت کی بچت کے لیے ون ونڈو آپریشن کو بھی جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ جدید کیو منجمنٹ اور ڈیجیٹل ٹوکن سسٹم اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے، جس کا مقصد سروس ڈیلیوری کو مزید تیز، منظم، شفاف اور معتبر بنانا ہے۔ سیکرٹری بورڈ پروفیسر رشید احمد بھٹی نے کہا کہ طلبا، والدین اور دیگر سائلین کو ایک ہی چھت تلے بلا تعطل، شفاف اور سہل خدمات فراہم کرنا بورڈ انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے جدید ٹوکن سسٹم کے اجرا کو سروس ڈیلیوری میں بہتری کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ اس موقع پر کنٹرولر امتحانات پروفیسر ندیم احمد بھی موجود تھے۔ بورڈ انتظامیہ کے مطابق جدید کیو منجمنٹ سسٹم کے فعال ہونے سے ون ونڈو آپریشن پر آنے والے سائلین کو بہتر اور بروقت خدمات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ انتظار کے وقت میں بھی نمایاں کمی آئے گی، جس سے شہری دوست اور جدید سروس ڈیلیوری کے وژن کو مزید تقویت ملے گی۔

☆☆☆☆☆

ممتاز سماجی شخصیات نوشاد احمد راجپوت، ارشاد احمد اور یحییٰ محمود نے سندس فاؤنڈیشن کا دورہ کیا

چیئرمین حاجی سرفراز احمد نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کیے

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ممتاز سماجی شخصیات نوشاد احمد راجپوت، ارشاد احمد اور یحییٰ محمود نے سندس فاؤنڈیشن کا دورہ کیا اور زیر علاج تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا میں مبتلا مریضوں کی عیادت کی۔ اس موقع پر سندس فاؤنڈیشن کے چیئرمین حاجی سرفراز احمد نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے انہیں پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ حاجی سرفراز احمد نے معزز مہمانوں کو سندس فاؤنڈیشن میں تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی و فلاحی خدمات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے انتقال خون کے حوالے سے بتایا کہ سندس فاؤنڈیشن میں عطیہ کیے گئے خون کو جدید ترین مشینری کے ذریعے مختلف بیماریوں کیلئے اسکرین کیا جاتا ہے، جس کے بعد مریضوں کو محفوظ اور اسکرین شدہ خون فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تھیلیسیمیا ایک موروثی بیماری ہے اور اس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے ضروری ہے کہ ہر نوجوان شادی سے قبل تھیلیسیمیا کا ٹیسٹ ضرور کروائے۔ اگر معاشرے میں اس حوالے سے شعور اجاگر کیا جائے اور اس پیغام کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچایا جائے تو پاکستان بھی ترقی یافتہ ممالک کی طرح تھیلیسیمیا سے پاک معاشرہ بن سکتا ہے۔ حاجی سرفراز احمد نے مہمانوں سے اپیل کی کہ وہ تھیلیسیمیا سے بچاؤ کے اس اہم پیغام کو معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کریں تاکہ آنے والی نسلوں کو اس موذی مرض سے محفوظ بنایا جا سکے۔ اس موقع پر نوشاد احمد راجپوت، ارشاد احمد اور یحییٰ محمود نے سندس فاؤنڈیشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے تھیلیسیمیا اور ہیموفیلیا کے مریضوں کیلئے کی جانے والی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا اور یقین دلایا کہ وہ مریضوں کی جان بچانے کے اس عظیم مشن میں سندس فاؤنڈیشن کے شانہ بشانہ ہر ممکن تعاون جاری رکھیں۔

☆☆☆

جعلی بیلٹ پیپرز اور الزام تراشی پر الیکشن کمیشن کا سخت نوٹس

الیکشن کمیشن کی جانب سے ابھی تک کوئی حتمی بیلٹ پیپر شائع نہیں کیا گیا، سوشل میڈیا پر موجود ڈرافٹس فرضی اور غیر قانونی ہیں، تمام گروپس اور امیدواران سخت تقاریر اور الزامات سے گریز کرتے ہوئے انتخابی ماحول کو پرامن اور شائستہ بنائیں، الیکشن کمیشن

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے جاری انتخابی عمل کے دوران الیکشن کمیشن نے ماحول میں بڑھتی ہوئی سختی، الزامات تراشی اور سوشل میڈیا پر غیر منظور شدہ و جعلی بیلٹ پیپرز کی گردش کا سخت نوٹس لیتے ہوئے تمام گروپس، امیدواران اور ممبران کے لیے اہم ہدایت نامہ جاری کر دیا ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ تمام مدمقابل گروپس کی قیادت فوری طور پر سخت تقاریر اور بلا جواز الزام تراشی کا سلسلہ بند کرے اور انتخابی ماحول کو پرامن، شائستہ اور باوقار بنانے میں اپنا ذمہ دارانہ کردار ادا کرے۔ الیکشن کمیشن نے واضح کیا کہ ابھی تک ادارے کی جانب سے کوئی بھی حتمی یا آفیشل بیلٹ پیپر منظور یا شائع نہیں کیا گیا، لہذا سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے تمام تر ڈرافٹس مکمل طور پر فرضی، غیر قانونی اور من گھڑت ہیں۔ الیکشن کمیشن نے تمام ممبران اور تاجر برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ غیر تصدیق شدہ خبروں، جعلی بیلٹ پیپرز اور سوشل میڈیا افواہوں پر بالکل کان نہ دھریں اور نہ ہی ان کی آگے تشہیر کریں۔ انہوں نے تاکید کی کہ تمام انتخابی سرگرمیوں کو چیمبر کے اعلیٰ وقار، روایات اور باہمی احترام کے شایانِ شان رکھا جائے اور الیکشن کمیشن کے ساتھ مکمل تعاون کو یقینی بنایا جائے تاکہ انتخابات کا پورا عمل شفاف، آزادانہ اور پرامن ماحول میں مکمل ہو سکے۔ الیکشن کمیشن نے امید ظاہر کی کہ تمام گروپس ادارے کے تقدس اور تاجر برادری کے اتحاد کو مقدم رکھتے ہوئے ان ہدایات پر فوری عمل درآمد یقینی بنائیں گے۔

☆☆☆☆

گوجرانوالہ۔ امیدوار برائے ایگزیکٹو ممبر ڈی سی کالونی عامر اعجاز چٹھہ کی جانب سے منعقدہ انتخابی جلسہ سے محمد شعیب بٹ، امتیاز احمد ساہی، انجینئر مستنصر محمود ساہی و دیگر خطاب کرتے ہوئے

چٹھہ برادران اور ان کے ساتھیوں نے بزنس گروپ کی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا

چٹھہ برادران اور ان کے ساتھی بزنس گروپ کے ساتھ کھڑے ہیں، مدثر حسین چٹھہ

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) چٹھہ برادران اور ان کے ساتھیوں نے گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں بزنس گروپ کی بھرپور حمایت کا اعلان کر دیا۔ سابق صدر بازار چوڑی گراں خادم حسین چٹھہ، طیب حسین چٹھہ، مدثر حسین چٹھہ، عمران سنیارا، کاشف بٹ و دیگر ساتھیوں نے بزنس گروپ کی قیادت اور امیدواروں پر مکمل اعتماد کا اظہار کر

بعدالت جناب ADLR / تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی عمر فاروق ولد تراب خاں ذات راجپوت ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفی کی اراضی موضع کھیم گڑھ تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفی کے شرعی وارثان میں عبدالرحمان، عتیق الرحمٰن، شفیق الرحمٰن، ضیاء الرحمٰن پسران حقیقی زندہ حیات ہے۔ جبکہ متوفی کے والدین، زوجہ ولیلاں بیگم اور دختر عائشہ عمر پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندرسات یوم زید دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

لیٹ اندراج تاریخ پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 33 جھلن آرائیاں بہاول نگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا ہے کہ محمد خان ولد محمد حنیف نے درخواست گزاری ہے کہ رابعہ بی بی دختر محمد خان تاریخ پیدائش 14.09.2012 محمد وقاص احمد تاریخ پیدائش 05.09.2015 سر سے تو بیہ بی بی تاریخ پیدائش 10.9.2017 میرے حقیقی بچے ہیں اس سے پہلے لاعلمی کی بنا پر یونین کونسل میں اندراج نہ کروایا ہے نہ ہی درج ہے لہذا مذکورہ لیٹ اندراج تاریخ پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر دس یوم اشاد اخبار ہذا ہمراہ ثبوت حاضر آکر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاول نگر/ یونین کونسل میں جمع کروائیں معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاول نگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب راشد حسین صاحب سول جج درجہ اول کورٹ ہارون آباد

عنوان مقدمہ عبدالغفار بنام 1۔ محمد اکرام ولد محمد حسین 4۔ محمد زبیر ولد عبدالغفار 5۔ محمد جہانگیر ولد صالح محمد سکنہ چک نمبر 129/6R تحصیل ہارون آباد

دعوی حکم امتناعی دوامی

ہرگاہ مدعا علیہم کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعی نے آپ کے خلاف دعوی عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 16/9/2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

BhattiCr.Bashir

بعدالت جناب محترمہ زاہدہ پروین صاحبہ سول جج تحصیل و ضلع جھنگ امامہ شاھین بنام عامر رضا دعوی تنسیخ نکاح اشتہار بنام عامر رضا ولد خادم حسین قوم سکنہ کچا ملتان روڈ ناصر کالونی تحصیل و ضلع جھنگ

مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن مدعا علیہم کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 2026-09-18 اصالتاً وکلاء عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی

Cr..Shahid Shaki

بعدالت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش

اشتہار بنام:- مسمی محمد حنیف ولد حاکم علی ساکن بستی صدر دین بہاولنگر، نے اپنے حقیقی بیٹوں محمد شفیق تاریخ پیدائش مورخہ 2000-03-25 اور محمد لطیف تاریخ پیدائش مورخہ 2005-05-10 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو محمد شفیق تاریخ پیدائش مورخہ 2000-03-25 اور محمد لطیف تاریخ پیدائش مورخہ 2005-05-10 کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آکر اپنا تحریری طور پر بیان/ اعتراض داخل کروائے، بعد از معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول ہوگا۔

المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار پیدائش

، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل و ضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

لیٹ اندراج برائے یونین کونسل ضلع بہاولنگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ھے لطیفاں منیر دختر قمرالدین زوجہ منیر احمد قوم کھوکھر سکنہ محلہ امیر کوٹ مکان نمبر 157 بھاولنگر

شناختی کارڈ نمبر 31101.1590469.4

ھے اور مستقل رہائشی ھوں۔ تاریخ پیدائش بمطابق شناختی کارڈ 01.07.1968 ھے۔ جس کی پیدائش کا بر وقت اندراج میونسپل کمیٹی میں نہ کرا سکی ہے۔ درخواستی یا اس کے کسی رشتہ دار عزیز و اقارب نے پیدائش کا اندراج پاکستان کے کسی بھی یونین کونسل /لوکل گورنمنٹ میں نہ کروایا ھے اور نہ ھی پہلے سے درج ھے مزکورہ لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عزر یا اعتراض ھو تو اندر 7 یوم کے اندر اخبار اشتہار ہمراہ ثبوت حاضر اکر دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بھاولنگر یونین کونسل میونسپل کمیٹی میں جمع کروائیں۔ معیاد گزرنے کے بعد کوئی عزر قابل قبول نہ ھوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ تحصیل و ضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ/ تحصیلدار صاحب اوکاڑہ

ڈال دی گئی ہے اور اب میرے کہنے پر بھی کوئی مقدمہ مقرر نہیں ہوتا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ یہ کہا جاتا ہے کہ ججز 3 ماہ کی چھٹیاں کرتے ہیں، کس نے کہا کہ ججز 3 ماہ کی چھٹی کرتے ہیں؟ ججز 3 ماہ کے عرصے کے اندر ایک ماہ کی چھٹی کرتے ہیں۔ چیف جسٹس نے بتایا کہ ایک بینچ کے سامنے ایک ہی روز میں 75 مقدمات مقرر ہوئے۔ مقدمات مقرر کرنے کی پالیسی ویب پر موجود ہے جبکہ 2 افسران کا زلسٹ میں آنے والے مقدمات کو دوبارہ چیک کرتے ہیں۔ چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا کہ جلد سماعت کی درخواستوں کے لیے ایک بینچ تشکیل دیا جارہا ہے۔ جلد سماعت کے مقدمات سننے کے لیے شام کے وقت بھی بینچ بیٹھے گا۔ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ شریعت اپیلیٹ بینچ ہر دو ماہ میں ایک ہفتے کے لیے بیٹھے گا۔

بقیہ	سحر	7

کردیا۔ تین قیدیوں کی بانی پی ٹی آئی طرز پر طبی سہولیات دینے کی درخواستوں پر سماعت وفاقی آئینی عدالت میں ہوئی۔ عدالت نے اٹارنی جنرل کو معاونت کے لیے نوٹس جاری کردیا، قیدیوں کی اپیلوں پر دیگر فریقین کو بھی نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ قانون کی تشریح کا معاملہ ہے، جسٹس عامر فاروق نے استفسار کیا کہ پرائیویٹ اسپتال ہی کیوں؟ پولی کلینک اور پمز ہسپتال میں کیوں علاج نہیں ہوسکتا۔ جسٹس علی باقر نجفی نے کہا جیل مینول کا کیا فائدہ، وہ کیسے ایسا کرسکتے ہیں، جیل مینول بالکل واضح ہیں، غیر مساوی رویہ نہیں ہونا چاہیے، اگر جیل مینول پر عمل نہیں کرنا تو جیل مینول کا کیا فائدہ ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے طبی سہولیات کیس کی سماعت (آج) منگل تک ملتوی کردی۔

بقیہ	سحر	8

پر سماعت کی، جس میں عدالت نے درخواست ضمانت سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے مقتول پارٹی اور ایس ایچ او کو نوٹس جاری کردیئے۔ عدالت نے ڈیجیٹل ڈیزائنر حنا جاوید قتل کیس کے گرفتار ملزم ذیشان ارشد کی درخواست ضمانت پر سماعت 19 ستمبر تک ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ سماعت سے قبل 2 وکلا کی جانب سے ملزم کی ضمانت کے لیے 2 الگ الگ درخواستیں دائر کیے جانے پر عدالت نے برہمی کا اظہار کیا۔ عدالت نے استفسار کیا کہ اڈیالہ جیل سے ایک ہی ملزم کے 2 الگ الگ وکالت نامے کیسے بائیو میٹرک ہوگئے؟ ملزم نے جیل سے 2 الگ الگ وکلا کو ضمانت کی درخواستیں دائر کرنے کی اجازت کیسے دی؟۔ عدالت نے اس حوالے سے اڈیالہ جیل حکام سے بھی جواب طلب کرلیا۔ پیر کی سماعت کے موقع پر حنا جاوید قتل کیس میں ملزم ذیشان ارشد کے نامزد دونوں وکلا حمزہ عباسی اور جنید حسن اپنے وکالت ناموں کے ساتھ عدالت میں موجود تھے۔ د

بقیہ	سحر	9

، ممکن ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان انفرادی دوطرفہ سیریز نہ ہوسکے۔ بھگونت مان نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کے لیے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ پنجاب اپنی تاریخ میں پہلی بار ہونے والے اس ٹورنامنٹ کو کامیاب بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ بھارتی ہاکی کے سیکرٹری جنرل بھولا ناتھ سنگھ نے بتایا کہ بھارت اور پاکستان کی ہاکی فیڈریشنز کے درمیان تعلقات بہترین ہیں۔

بقیہ	سحر	10

سے ہم آہنگ جمہوری اقدار کے فروغ، شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ اور ملک کے لیے ایک خوشحال مستقبل کی تعمیر کے لئے مشترکہ سفر جاری رکھیں گے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جمہوریت کے عالمی دن پر جاری پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان آج اقوام عالم کے ساتھ ہم آواز ہو کر عالمی یوم جمہوریت منا رہا ہے۔

بقیہ	سحر	11

کا حکم برقرار رکھا۔ پیر کو سپریم کورٹ نے سندھ ہائی کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے اپیل خارج کردی۔ 10 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ عدالت عظمیٰ کے جسٹس ہاشم کاکڑ نے تحریر کیا۔ عدالت عظمیٰ نے کراچی میں اہلیہ کے قتل کے مجرم کی سزا برقرار رکھی۔ عدالت عظمیٰ کے فیصلے مطابق مجرم 7 سال مفرور رہا، حالات پر مبنی شواہد کی کڑی مکمل قرار دی جاتی ہے۔ سپریم کورٹ نے گھریلو قتل کی تحقیقات میں صنفی حساس طریقہ کار اپنانے پر زور دیا اور کہا ازدواجی گھر کی نجی حیثیت مجرموں کیلئے ڈھال نہیں بننی چاہیے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا گھریلو قتل مشکل ثبوت والا جرم ہے، بیوی کی غیر فطری موت پر شوہر کی وضاحت اہم ہوسکتی ہے، شوہر کی ناقابل قبول وضاحت حالات پر مبنی شواہد کی اہم کڑی بن سکتی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا ملزم کیخلاف جرم کا خود کار مفروضہ قائم نہیں کیا جاسکتا، ملزم کے لیے بے گناہی کا مفروضہ اور قانونی تحفظات برقرار رہیں گے۔ عدالت عظمیٰ نے کہا کہ ناقص تفتیش گھریلو قتل کے مقدمات میں انصاف کی راہ میں رکاوٹ ہے

بقیہ	سحر	12

علاقے میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر کائنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) بلوچستان کی بھرپور ستائش کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے بروقت اور موثر کارروائی کے دوران 6 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سی ٹی ڈی کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنے بہادر سپوتوں پر ناز ہے جنہوں نے دشمن کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے تمام ادارے پرعزم ہیں اور قوم کی مکمل حمایت سے امن دشمن عناصر کا مکمل صفایا کیا جارہا ہے۔

بقیہ	سحر	13

ہے، ہندوستان سمیت کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، افغانستان دہشتگردوں کا بیس کیمپ ہے جہاں اسرائیل تکنیکی معاونت اور ہندوستان پیسہ دے رہا ہے، دہشتگردوں کے سہولت کار کہیں بھی چھپ نہیں سکتے، اربوں روپے ہڑپ کرنے والا شخص تھوڑی سی مشکل پر رونا دھونا کررہا ہے، ہم نے بھی کسی جرم کے بغیر ڈیتھ سیل میں وقت گزارا لیکن اف تک نہیں کی۔

بقیہ	سحر	14

تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی کیا ہے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے کمانڈر سسیت 3 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملا دیئے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی اور پوری قوم اس جنگ میں اپنی بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ	سحر	15

مسلم لیگ (ن) کی قیادت کا احساس قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کے نرخ میں اضافے کا رجحان ترقی پذیر ممالک کے عوام کے لئے مشکلات کا باعث بن رہا ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کی ہدایت پر شاندار ریلیف پیکیج دیا۔ مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پٹرولیم مصنوعات کے نرخ میں اضافے سے دنیا بھر میں ہر طبقہ متاثر ہورہا ہے، مشکل معاشی حالات میں بھی عوام کیلئے وزیراعظم ریلیف پیکیج احسن اقدام ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز وزیراعظم شہباز شریف نے عوام کیلئے خصوصی پٹرول ریلیف سکیم کا اجرا کر دیا ہے۔ خصوصی ریلیف سکیم کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک کی گاڑیاں استعمال کرنے والوں کو پٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف دیا جائے گا۔

بقیہ	سحر	16

کہ کسی سیاسی جماعت، پبلک آفس ہولڈر کے پاس اسلام آباد کی سڑکیں بند کرنے کا اختیار نہیں، صوبوں کو وزرائے اعلیٰ یقینی بنائیں سرکاری مشینری سیاسی جماعت کے احتجاج میں استعمال نہ ہو۔

بقیہ	سحر	17

کازلسٹ میں آنے والے مقدمات کو ری چیک کرتے ہیں۔ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے کہا ہے کہ کہتے ہیں ججز 3 مہینے کی چھٹیاں کرتے ہیں، کس نے کہا کہ ججز 3 ماہ کی چھٹی کرتے ہیں، ججز 3 ماہ کے اندر ایک ماہ کی چھٹی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک بینچ کے سامنے ایک روز میں 75 مقدمات مقرر ہوئے، جلد سماعت کی درخواستوں کے لیے ایک بینچ تشکیل دے رہے ہیں، جلد سماعت کے مقدمات کے لیے شام کو بھی بینچ بیٹھے گا۔ چیف جسٹس پاکستان نے کہا کہ شریعت اپیلیٹ بینچ ہر 2 ماہ میں ایک ہفتے کے لیے بیٹھے گا۔

بقیہ	سحر	18

، طرز حکمرانی اور انسانی ترقی کا اہم محرک بن چکی ہے ، ایس سی او خطے کے لئے تیز رفتار ترقی، معیاری روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور تر قیاتی خلا کم کرنے کا یہ ایک بڑا موقع ہے۔ وفاقی وزیر نے ان خیالات کا اظہار پیر کو اروچی میں ایس سی او ڈیجیٹل اکانومی فورم 2026 میں ڈیجیٹل معیشت میں ایس سی او تعاون سے متعلق وزارتی سطح کے بند کمرہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ احسن اقبال چین کے سرکاری دورے پر ہیں جہاں وہ فورم میں شرکت کررہے ہیں

بقیہ	سحر	19

چودھری نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ بھارت نے سیاست اور کھیل میں فرق ختم کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ٹرافی لے نہ لے یہ سفارتی اور عسکری میدان میں شکست کی خفت مٹانا چاہتا ہے، پاکستان نے کبھی بھی کھیل کو سیاست کی نذر نہیں کیا۔ طلال چودھری کا کہنا تھا کہ بھارت اسپورٹس اور بین الاقوامی معاہدوں کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ وزیر مملکت نے بتایا کہ محسن نقوی مصروفیات کے باوجود گراؤنڈ میں موجود تھے۔ طلال چودھری نے کہا کہ بھارت کے ساتھ دنیا کا کوئی ملک نہیں کھڑا، نفرت کی سوچ کے ساتھ بھارت عالمی سطح پر تنہا ہوتا جارہا ہے۔ بھارت ویمنز نے ایشیا کپ جیتنے کے بعد ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے صدر اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے ٹرافی لینے سے انکار کیا۔

بقیہ	سحر	20

اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز اور ہسپتال انتظامیہ نے وفاقی وزیر صحت کو نئی ایمرجنسی کو آپریشنل کرنے کے لیے کیے گئے انتظامات اور پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر صحت نے نئی ایمرجنسی میں موجود طبی سہولیات، مریضوں کے لیے دستیاب انتظامات اور دیگر ضروری امور کا بھی جائزہ لیا۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے ہدایت کی کہ پمز کی نئی 200 بستروں پر مشتمل ایمرجنسی کو آئندہ 24 گھنٹوں کے اندر آپریشنل کرنے کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی ایمرجنسی کے فعال ہونے سے پمز میں مریضوں کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی۔

بقیہ	سحر	21

لیٹر جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑی کے لیے 30 لیٹر پیٹرول پر ریلیف دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ 15 سال پرانی موٹر سائیکلیں اور 20 سال پرانی گاڑیاں بھی اس پروگرام کے لیے اہل ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اسکیم میں توازن رکھا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری اس سے فائدہ اٹھاسکیں، 800 سی سی تک کی گاڑیاں ملک کی 50 فیصد گاڑیوں کو کور کرتی ہیں اور 2 کروڑ 40 لاکھ سے زائد گاڑیاں اس اسکیم سے مستفید ہوں گی۔ شزا فاطمہ خواجہ کے مطابق پیٹرول ریلیف پروگرام 2 حصوں میں تقسیم ہے، پہلے مرحلے میں شہریوں کو رجسٹریشن کرانا ہوگی۔ رجسٹریشن کے لیے شناختی کارڈ پر رجسٹرڈ سم اور شناختی کارڈ کا میچ ہونا ضروری ہے۔ شہری کو اسی سم سے اپنا سی این آئی سی نمبر بھیجنا ہوگا، اس کے بعد بائیک یا گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، رجسٹریشن کا صوبہ اور دیگر مطلوبہ تفصیلات فراہم کرنا ہوں گی۔ انہوں نے بتایا کہ گاڑی یا بائیک کی رجسٹریشن کی تاریخ بھی ضروری ہے اور متعلقہ کاغذات شہری کے پاس موجود ہونا لازمی ہیں۔ معلومات میں کمی کی صورت میں شہری کو پیغام کے ذریعے بتایا جائے گا کہ کون سی معلومات نامکمل ہیں۔ یہ رجسٹریشن کا عمل صرف ایک مرتبہ کرنا ہوگا۔

بقیہ	سحر	22

اور ڈائریکٹر جنرل پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کو طلب کرتے ہوئے ویڈیو والیکٹرانک شہادت کے مؤثر استعمال اور تشریح کے لیے دو معاونین عدالت بھی مقرر کردیئے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس محمد امجد رفیق نے عمر قید کے مجرم راجہ شاہد کی جانب سے دائر اپیل پر تحریری حکم جاری کرتے ہوئے قتل کے مقدمات میں سی سی ٹی وی فوٹیج اور ویڈیو شہادت کی قانونی حیثیت سے متعلق اہم سوالات اٹھادیئے۔

بقیہ	سحر	23

باعث آئندہ 5 سال کے لیے تیار کی گئی نئی آٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ایکسپورٹ پالیسی کے اجرا میں مزید تاخیر کا امکان بڑھ گیا ہے۔

بقیہ	سحر	24

کے خلاف جنگ میں پاکستان کی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ مہارت اور قربانیوں کا اعتراف کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (ئی ایس پی آر) کے مطابق لبنان کے وزیر داخلہ احمد الحجار نے پاکستان کے دوروزہ دورے کے دوران جی ایچ کیو راولپنڈی میں آرمی چیف وچیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں شخصیات نے باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی بدلتی ہوئی سیکیورٹی صورتحال اور سیکیورٹی کے شعبے میں دوطرفہ تعلقات کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں اس بات پر بھی زور دیا گیا کہ دونوں ممالک کے سیکیورٹی اداروں کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنایا جائے اور باہمی تعاون کو مزید بڑھایا جائے۔ آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز نے لبنان کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔

بقیہ	سحر	25

اٹارنی جنرل کو نوٹس جاری کردیا۔ قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی عمران خان طرز پر طبی سہولیات دینے کی درخواستوں پر چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دوران سماعت جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ پرائیویٹ ہسپتال میں علاج جیل مینول کے خلاف ہے، جی ہسپتال کیوں؟ پمز یا پولی کلینک میں علاج کیوں نہیں ہوسکتا؟ جسٹس علی باقر نجفی نے کہا کہ جیل مینول واضح ہیں، غیر مساوی سلوک نہیں ہونا چاہئے، تمام قیدیوں کے ساتھ مساوی سلوک ہونا چاہئے، اگر جیل مینول پر عمل نہیں کرنا تو کیا فائدہ؟ ہر شخص کیلئے الگ طریقہ کار نہیں ہوسکتا۔ وفاقی آئینی عدالت نے اٹارنی جنرل کو معاونت کیلئے جبکہ تین قیدیوں کی اپیلوں پر دیگر فریقین کو بھی نوٹس جاری کرتے ہوئے سماعت کل تک کیلیے ملتوی کردی۔

بقیہ	سحر	26

تک کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب پشین کے علاقے سرانان میں سی ٹی ڈی نے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر کے فائرنگ کے تبادلے میں 6 مبینہ دہشتگرد ہلاک کردیے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران 4 اہلکار زخمی بھی ہوئے، ہلاک دہشتگردوں کا تعلق کالعدم تنظیم سے بتایا جاتا ہے، دہشت گردوں سے اسلحہ و بارود بھی برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی ترجمان کا کہنا ہے ہلاک دہشتگرد فورسز اور عام شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے۔

بقیہ	سحر	27

سے جاری اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کی موجودگی میں اشتیاق کے خاندان کے ایک فرد نے واضح طور پر کہا کہ اشتیاق کی ہلاکت ایک حادثہ تھی اور اس میں حکومت یا پنجاب پولیس کا کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ویڈیو میں اشتیاق کے خاندان کا فرد سلمان اکرم اور سہیل آفریدی کی موجودگی میں یہ کہتے ہوئے سنا جاسکتا ہے کہ 17 روز تک پی ٹی آئی کے کسی رہنما نے ان سے رابطہ کیا اور نہ ہی ان کا حال پوچھا، سہیل آفریدی کے گارڈز نے مذکورہ شخص پر تشدد شروع کردیا۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے کہا کہ سہیل آفریدی کے گارڈز نے ویڈیوز بنانے پر آج بھی لاہور میں صحافیوں سے بدتمیزی کی، انہوں نے کہا کہ وہ اشتیاق کے بیٹے کا بیان بھی شیئر کررہی ہیں، جس میں اسے ایک حادثہ قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ	سحر	28

مطابق مانیٹری پالیسی کمیٹی نے پالیسی ریٹ 11.50 فیصد پر برقرار رکھا ہے۔ واضح رہے کہ سٹیٹ بینک ا?ف پاکستان نے گزشتہ مانیٹری پالیسی میں بھی پالیسی ریٹ 11.50 فیصد پر ہی برقرار رکھا تھا۔ معاشی ماہرین کی جانب سے امکان ظاہر کیا جارہا تھا کہ سٹیٹ بینک پالیسی ریٹ میں 50 بیسز پوائنٹس تک کا مزید اضافہ کرسکتا ہے۔

بقیہ	سحر	29

نمایاں ہوگئے، امریکا میں افغان خاتون کا دہشت گردی میں معاونت کا اعتراف، افغان شہریوں سے متعلق سیکیورٹی خدشات مزید بڑھ گئے،

بقیہ	سحر	30

نقوی، وزیر ہاؤسنگ ریاض حسین پیرزادہ اور وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیراعظم نے لبنانی وزیر داخلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کی اہمیت پر زور دیا، انہوں نے لبنانی قیادت کے لیے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔ ملاقات میں پاکستان اور لبنان کے دوطرفہ تعلقات اور باہمی تعاون کا جائزہ لیا گیا، دونوں جانب سے داخلی امور اور سکیورٹی کے شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے لبنان کے خلاف اسرائیلی جارحیت کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی، انہوں نے اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں اور املاک کے نقصان پر گہری ہمدردی اور افسوس کا اظہار کیا۔

بقیہ	سحر	31

کردی۔ اجلاس میں جوائنٹ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز اقبال درانی نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ واقعے کے بعد سیکیورٹی کمپنی اور مانیٹرنگ کمیٹی کے خلاف کارروائی کی جانی تھی، انہیں شوکاز نوٹس جاری کردیے گئے ہیں جبکہ پمز میں قائم انکوائری کمیٹی نے بھی نوٹسز جاری کیے ہیں۔

بقیہ	سحر	32

میں سڑکیں بند نہ کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کا فیصلہ آئین و قانون کی بالادستی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عدالت نے واضح کردیا کہ سیاسی سرگرمی اور احتجاج کے نام پر ریاستی مشینری کے استعمال کی اجازت نہیں دی جاسکتی، احتجاج کے نام پر شہریوں کے معمولاتِ زندگی میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، پی ٹی آئی کی سیاست کا محور آج بھی احتجاج، دھرنے، مارچ اور سڑکوں کی سیاست ہے۔

بقیہ	سحر	33

میں اسپیکر سردار ایاز صادق نے مرحوم چوہدری محمود بشیر ورک کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری محمود بشیر ورک کے انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور باعث رنج ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم ایک باصلاحیت، مخلص اور فرض شناس پارلیمنٹیرین تھے،

بقیہ	سحر	34

میں شاہ محمود قریشی کی درخواست ضمانت پر سماعت 16 ستمبر تک ملتوی کردی۔ اے ٹی سی کورٹ کے جج منظر علی گل نے درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ پراسیکیوشن نے مقدمے کا ریکارڈ پیش کرنے کی مہلت مانگ لی۔ پراسیکیوٹر نے کہا کہ 16 ستمبر کو جیل ٹرائل ہے اس مقدمے کا وہاں ریکارڈ موجود ہوگا۔۔

بقیہ	سحر	35

لیے لیکن آرٹیکل 140 اے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے مقامی حکومتوں کے نظام کو مضبوط نہیں کیا جس کی اشد ضرورت ہے۔

بقیہ	سحر	36

کی گئی ہے، پورٹ قاسم کی کارگو ہینڈلنگ 45 ملین ٹن سے بڑھ کر 47 ملین ٹن تک پہنچ گئی ہے جبکہ بحری راستوں میں مطلوبہ گہرائی برقرار رکھنے کے کیلئے مسلسل ڈریجنگ کا عمل بھی جاری ہے۔

بقیہ	سحر	37

کہ پنجاب حکومت پی ٹی آئی کارکنان کو ہراساں اور پکڑ دھکڑ سے گریز کرے، سیاسی کشیدگی کم کرنے کیلئے مفاہمت اور بہتر اقدامات کی ضرورت ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات اور فیملی سے ملاقات کی اجازت دی جائے۔ بیرسٹر گوہر نے مزید کہا کہ گولی نہیں چلنی چاہیے، گولی کا وقت ختم ہونا چاہیے، اسلام آباد انصاف مانگنے آ رہے ہیں، پی ٹی آئی کارکنان اسلام آباد پرامن طریقے سے آئیں گے، اختلافِ رائے کی قدر کرنا جمہوریت کا حصہ ہے، حکومت سخت اقدامات کے بجائے مفاہمت کی طرف بڑھے۔

بقیہ	سحر	38

اور اسلام آباد پولیس لائنز کا دورہ کیا۔ پاکستان مونومنٹ آمد پر فیڈرل کانسٹیبلری (ایف سی) کے چاق وچوبند دستے نے معزز مہمان کو گارڈ آف آنر پیش کیا۔ لبنانی وزیر داخلہ نے یادگار شہدا پر حاضری دی

بقیہ	سحر	39

کے تھری پیس ہاؤس کے ایک فیڈر کی بجلی بحال کرنے کیلئے کے الیکٹرک کے اقدامات جاری ہیں، ترجمان کے مطابق بجلی بحال ہوتے ہی متاثرہ 10 میں سے 8 پمپس فعال کر دیئے گئے، پمپس فعال ہونے کے بعد پانی کی فراہمی بحال کر دی گئی۔ واٹر کارپوریشن کے ترجمان نے بتایا کہ بجلی کے بریک ڈاؤن کے باعث شہر کو 198 ملین گیلن پانی کی کمی کا سامنا کرنا پڑا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز صبح 6 بجے کے الیکٹرک کے سسٹم میں کیبل فالٹ کے باعث دھابیجی پر بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوا تھا، بجلی کے بریک ڈاؤن کے باعث دھابیجی کے 21 میں سے 10 پمپس غیر فعال ہوگئے تھے۔

بقیہ	سحر	40

حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی اسلام آباد کی جانب بڑھ رہی ہے اور وہاں صرف رسمی طور پر پہنچ کر واپس نہیں آئے گی بلکہ اپنے مطالبات کے حصول تک جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ	سحر	41

نے واٹر سپلائی سے متعلق مختلف امور کا معائنہ کیا اور عوام کو پانی کی فراہمی کے حوالے سے درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔

بقیہ	سحر	42

کرتے ہوئے بھاری مقدار میں منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق گشت پر مامور افسران نے مشکوک حرکات پر دو گاڑیوں کو روکا، پولیس کو دیکھتے ہی ملزمان گاڑیاں موقع پر چھوڑ کر فرار ہوگئے، جن کی گرفتاری کے لیے تلاش شروع کر دی گئی ہے۔ تلاشی کے دوران دونوں گاڑیوں کے خفیہ خانوں سے 155 کلوگرام افیون اور 88 کلوگرام چرس برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ابتدائی معلومات کے مطابق یہ منشیات مبینہ طور پر خیبر پختونخوا سے پنجاب اسمگل کی جارہی تھیں۔ موٹروے پولیس نے برآمد شدہ منشیات اور دونوں گاڑیاں مزید قانونی کارروائی اور تفتیش کے لیے اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے حوالے کردی ہیں

بقیہ	سحر	43

کو کواڈ کاپٹر کے ذریعے کامیابی سے نشانہ بنایا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، جرات اور موثر کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔

بقیہ	سحر	44

رہے۔ سہیل آفریدی نے پروٹوکول کے لیے آئے افسران کو واپس چلے جان

جماعت اسلامی مستقل مزاجی سے قوم کا مقدمہ لڑ رہی ہے، حافظ نعیم الرحمان

جماعت اسلامی اسلام آباد کی جانب بڑھ رہی ہے اور وہاں صرف رسمی طور پر پہنچ کر واپس نہیں آئے گی بلکہ اپنے مطالبات کے حصول تک جدوجہد جاری رکھے گی

خیبر پختونخوا کے گورنر بھی منصورہ آئے اور بعد ازاں پشاور میں جاری دھرنے میں شریک ہوئے، سندھ اسمبلی میں بھی جماعت اسلامی کے مطالبات کے حوالے سے قرارداد پیش کی گئی ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی مستقل مزاجی سے قوم کا مقدمہ لڑ رہی ہے، کارکن اور اسپورٹرز تمام تر حالات میں ڈٹے ہوئے ہیں، اسلام آباد جا رہے ہیں اور صرف ہاتھ لگا کر واپس نہیں آئیں گے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جماعت اسلامی کی تحریک ملک بھر میں جاری ہے اور کارکن مشکل حالات کے باوجود اپنے مطالبات کے لیے ڈٹے ہوئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مالاکنڈ، چترال اور بلوچستان میں بھی بدترین حالات کے باوجود دھرنے جاری ہیں، جس سے واضح ہوتا ہے کہ کارکن اپنے مؤقف پر ثابت قدم ہیں۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

لاہور: صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

لاہور: وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل خان آفریدی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

ڈی آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت سٹاف میٹنگ

پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور عوامی خدمت کے امور پر تبادلہ خیال

کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد ہوگا اور اس پورے عمل میں میرے سمیت کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں، گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈی آئی جی اسلام آباد علی وسیم کی زیر صدارت سٹاف کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس کے مطابق میٹنگ میں پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور عوامی خدمت کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ ہم سب نے مل کر قانون کی پاسداری، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور عوام کے لیے موثر و بروقت پولیس سروسز کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد ہوگا اور اس پورے عمل میں میرے سمیت کوئی بھی قانون سے بالاتر نہیں ہے۔ کہ ہم سب نے مل کر قانون کی پاسداری، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور عوام کے لیے موثر و بروقت پولیس سروسز کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔

این ایچ اے کا گلگت بلتستان میں سیلاب سے متاثرہ 171 کلومیٹر شاہراہوں کی بحالی کا منصوبہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) نے حالیہ اچانک سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور گلیشیائی جھیلوں کے پھٹنے سے آنے والے سیلاب (گلوف) کے باعث سڑکوں، پلوں اور دیگر ڈھانچوں کو پہنچنے والے نقصان کے بعد گلگت بلتستان میں اہم شاہراہوں کے 171 کلومیٹر حصے کی بحالی کی تجویز دی ہے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب دستاویزات کے مطابق مجوزہ بحالی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی ریاستی اداروں کے پختہ عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی عکاس ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سکیورٹی فورسز کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی ریاستی اداروں کے پختہ عزم اور پیشہ ورانہ صلاحیت کی عکاس ہے۔ اپنے بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی کے دوران کمانڈر نقیب سمیت تین دہشت گردوں کو ہلاک کر کیا ہم کامیابی حاصل کی ہے۔ کارروائی کے دوران دہشت گردوں کی گاڑی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

تم لوگوں کے ہاتھ میں ہو تو میں کل یا آج ہی مر جاؤں، سہیل آفریدی کا پولیس سے مکالمہ

ادھر مجھے ایک گاڑی بھی نظر نہیں آ رہی، کوئی اور کام بھی کرتے ہو یا صرف پی ٹی آئی پر ہی نظر ہے؟، وزیراعلیٰ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی نے کلر کہار ریسٹ ایریا میں پولیس سے مکالمہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ تم لوگوں کے ہاتھ میں ہو تو میں کل مر جاں یا آج ہی مر جاؤں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ادھر مجھے ایک گاڑی بھی نظر نہیں آ رہی، کوئی اور کام بھی کرتے ہو یا صرف پی ٹی آئی پر ہی نظر ہے جس پر پولیس افسر نے جواب دیا کہ ہم تو آپ کی حفاظت کے لیے یہاں کھڑے ہیں۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا نے کہا کہ میری حفاظت اللہ کرتا ہے؟ تم لوگوں کے ہاتھ میں ہو تو میں کل مر جاؤں یا آج ہی مر جاں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس والے ایک بھی پبلک کار کو رکنے نہیں دے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

استور، اسسٹنٹ کمشنر کا خودکشت واٹر سپلائی کا دورہ، ایس ڈی او کو ضروری اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سسٹنٹ کمشنر استور محمد شعیب نے ایس ڈی او کے ہمراہ خودکشت واٹر سپلائی کا دورہ کیا اور واٹر سپلائی کے نظام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

کلر کہار، موٹروے پولیس کی بڑی کارروائی، کروڑوں روپے کی منشیات سمگل کرنے کی کوشش ناکام

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس نے ایم ٹو موٹروے پر کلر کہار کے قریب ایک بڑی کارروائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لازم ہے کہ پاکستان کے ریاستی ادارے اور سیاسی قوتیں خود احتسابی کے عمل سے گزریں، سعد رفیق

پاکستان کے مسالمکستان بن جانے کی بڑی وجہ آئین، قانون اور نظام عدل و سیاست سے بار بار کھلواڑ ہے

دہشتگردی، سیاسی انارکی، معاشی بدحالی اور ہر سو پھیلتی ناانصافی صرف اور صرف آئین و قانون کی حکمرانی پر عمل کرنے ہی سے ممکن ہوگی

مکالمہ کریں، رائے قائم کریں اور بغیر کسی تعصب و خوف اپنی سوچ پبلک کریں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان کے مسالمکستان بن جانے کی سب سے بڑی وجہ ملک کے آئین، قانون اور نظام عدل و سیاست سے بار بار کھلواڑ ہے، اس بے حرمتی نے ہی گورننس کا بحران پیدا کیا ہے، پاکستانی اشرافیہ اور مقتدرہ کی ارتکاز اقتدار کی خواہش بد، اقربا پروری، بددیانتی، خود پسندی، انا اور خبطِ عظمت نے ہمیں معاشی بدحالی، لاقانونیت اور انتہا پسندی کی دلدل میں دھکیل دیا ہے۔ انہوں نے اپنے جاری کردہ ایک بیان میں کہا کہ مارشل لاء مائنڈ سیٹ، اقتدار پرست سیاستدان، نظریِ ضرورت والی عدلیہ، مذہبی انتہا پسندی پھیلانے والے علمِ سو، شاہانہ مزاج کی حامل بیوروکریسی، مرغان بادنما کا مزاج رکھنے والا میڈیا اس خرابات کے ذمہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

مکہ معاہدے میں ہم اضافی ذمہ داری لے رہے ہیں عاصم افتخار

تسلیم کرتے ہیں صورتحال منفی سمت کی جانب جا رہی ہے، ہمیں اس کا ادراک ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں کردار ادا کرنا ہوگا، انٹرویو

پاکستان مشرق وسطیٰ میں تنازع کے خاتمے میں کردار ادا کر رہا ہے، ہماری کوشش ہے کہ تنازع کا پرامن اور بین الاقوامی، یو این قوانین کے تحت حل نکلے

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے سینئر ترین سفارتکار عاصم افتخار نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے میں ہم اضافی ذمہ داری لے رہے ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ صورتحال منفی سمت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا ڈیجیٹل مانیٹرنگ اینڈ ریونیو جنریشن بارے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

جنگ ستمبر کا 14 واں روز، بھارتی میجر جنرل کی ڈائری سے اہم انکشافات سامنے آ گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ستمبر 1965 کی جنگ کے 14 ویں روز لاہور کے محاذ سے ملنے والی بھارتی میجر جنرل کی ڈائری سے سنسنی خیز انکشافات سامنے آئے۔ اس جنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

مشرق وسطیٰ صورتحال اور فلائٹ سسٹم میں خرابی، پاکستان میں پروازوں کا نظام درہم برہم

لاہور (سٹاف رپورٹر) مشرق وسطیٰ اور برطانیہ میں فلائٹ آپریٹنگ سسٹم میں خرابی کے باعث پروازوں کا شیڈول متاثر ہوگیا۔ علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سمیت ملک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن کا فیول ریلیف اسکیم پر تحفظات کا اظہار، موجودہ طریقہ کار کے تحت اسکیم پر عمل درآمد ڈیلرز کے لیے ممکن نہیں ہے، پی پی ڈی اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے فیول ریلیف اسکیم پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ طریقہ کار کے تحت اسکیم پر عمل درآمد ڈیلرز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

لاپتہ پاکستانی شہریوں کی قونصلر رسائی کا معاملہ، لاہور ہائیکورٹ کا وزارت خارجہ کو 15 روز میں فیصلہ کرنے کا حکم

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پاکستانی شہری سید سلمان رضا زیدی اور جنید جہانگیر کی درخواست پر سیکرٹری وفاقی وزارتِ خارجہ کو 15 روز میں فیصلہ کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس صادق محمود خرم نے یو اے ایس میں سفیر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

پنجاب میں پری سموگ آپریشن تیز، ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر 101 یونٹس مسمار

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب میں پری سموگ آپریشن مزید تیز، ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر 101 یونٹس مسمار کر دیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

پاکستان آئیڈل کی ونرحرا قیصر کراچی میوزک فیسٹیول میں آواز کا جادو جگائیں گی

ہم نے فیصل آباد، لاہور، ملتان اور کراچی سے پاکستان آئیڈل کے ستاروں کو مدعو کیا؛ صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان آئیڈل کی ونرحرا قیصر پہلی بار کراچی میں اپنی آواز کا جادو جگائیں گی۔ آرٹس کونسل کے 3 روزہ میوزک فیسٹیول میں پاکستان آئیڈل کے اسٹارز پہلی بار ایک بڑے لائیو کنسرٹ میں آواز کا جادو جگائیں گے، حمیرا چنا اور غلام عباس سمیت نئی آوازیں 3 روز تک سماعتوں میں رس گھولیں گی۔ صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ نے بتایا کہ پاکستان آئیڈل کے ذریعے بہترین آوازیں سامنے آئی ہیں۔ احمد شاہ کے مطابق ہم نے فیصل آباد، لاہور، ملتان اور کراچی سے پاکستان آئیڈل کے ستاروں کو مدعو کیا ہے، پاکستان آئیڈل 2026 کی ونرحرا قیصر بھی اپنی آواز کا جادو جگائیں گی۔

جی بی اے 16 دیامر 2 کا نتیجہ تبدیل، پیپلز پارٹی کے عطا اللہ کامیاب قرار

پوسٹل بیلٹ کی گنتی میں عطا اللہ نے 6 ہزار 618 جبکہ امام مالک نے 6 ہزار 605 ووٹ حاصل کیے

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) پوسٹل بیلٹ پیپرز کی گنتی کے بعد گلگت بلتستان اسمبلی کے حلقہ جی بی اے 16 دیامر 2 کا نتیجہ تبدیل ہوگیا۔ پیپلز پارٹی کے امیدوار عطا اللہ 13 ووٹوں کی برتری سے کامیاب قرار پائے جس کے بعد ریٹرننگ افسر نے فارم 49 جاری کر دیا۔ پوسٹل بیلٹ کی گنتی میں عطا اللہ نے 6 ہزار 618 جبکہ امام مالک نے 6 ہزار 605 ووٹ حاصل کیے۔ گنتی اور جانچ پڑتال مکمل ہونے کے بعد ریٹرننگ افسر نے صبح نئے نتیجے کا اعلان کیا۔ پوسٹل بیلٹ کی گنتی الیکشن ایکٹ 2017ء کی دفعہ 95 کے تحت الیکشن ٹریبونل کے حکم پر کی گئی۔ 7 جون کے انتخابات میں پوسٹل بیلٹ کی گنتی کے بعد امام مالک کو کامیاب قرار دیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

نارووال: سول ڈیفنس کا بم ڈسپوزل اہلکار اینٹی ٹینک مائن ناکارہ بنا رہا ہے

پنجاب میں ڈیجیٹل اسلحہ لائسنس معاہدے میں نئی ترمیم منظور

محکمہ داخلہ پنجاب اور نادرا کے درمیان معاہدہ 31 دسمبر 2026ء تک موثر رہے گا

مشترکہ لاگ اِن کی شق کو بھی تکنیکی اور سکیورٹی خدشات کے باعث حذف کر دیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب اور نادرا کے درمیان ڈیجیٹل اسلحہ لائسنس سے متعلق معاہدے میں نئی ترمیم منظور کر لی گئی جس کے تحت شہری اپنے پنجاب آرمز لائسنس کی قابلِ تصدیق ڈیجیٹل اسناد حاصل کر سکیں گے۔ دستاویزات کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب اور نادرا کے درمیان معاہدہ 31 دسمبر 2026ء تک موثر رہے گا۔ معاہدے کی مدت یکم جنوری 2023ء سے 31 دسمبر 2026ء تک بڑھائی گئی ہے۔ ترمیم شدہ معاہدے میں سنگل سائن آن آتھنٹی کیشن کی شق شامل نہیں رکھی گئی۔ دستاویزات کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

سہ ملکی کرکٹ سیریز، انگلینڈ کرکٹ بورڈ کے سکیورٹی وفد کا محکمہ داخلہ پنجاب کا دورہ

لاہور میں 7 ہزار 849 اور راولپنڈی میں 6 ہزار 460 اہلکار تعینات ہوں گے

سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی سربراہی میں سکیورٹی بارے اہم اجلاس، وفد کو چار درجاتی سکیورٹی انتظامات بارے بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان میں سہ ملکی کرکٹ سیریز کی تیاریاں کے سلسلہ میں انگلینڈ کرکٹ بورڈ کے سکیورٹی وفد کی محکمہ داخلہ پنجاب آمد ہوئی، جہاں سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی سربراہی میں سہ ملکی کرکٹ سیریز کی سکیورٹی بارے اہم اجلاس ہوا۔ وفد میں برطانوی کرکٹ بورڈ کیڈائریکٹر انٹرنیشنل آپریشنز روب ہل مین، ڈائریکٹر سکیورٹی انگلینڈ اینڈ ویلز کرکٹ بورڈ ریگ ڈکاسن، چیف ایگزیکٹو آفیسر انگلینڈ پلیئرز کرکٹ ایسوسی ایشن ڈیرل پچل شامل تھے۔ کمشنر لاہور نعمان یوسف، چیف آپریٹنگ آفیسر پی سی بی سمیر احمد سید، ڈپٹی کمشنر لاہور محمد علی اعجاز، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

بسنت فیسٹیول، 8 روز میں پورٹل پر 2 ہزار سے زائد درخواستیں جمع

دھاتی ڈور اور چرخی پر پابندی، 20 لاکھ سیفٹی راڈز تقسیم کرنے کا فیصلہ، خلاف ورزی پر سخت سزائیں ہوں گی

کائیٹ فلائینگ ایسوسی ایشن نے بسنت کی بحالی کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) آئندہ مارچ کے وسط میں بسنت فیسٹیول میں شرکت کرنے والوں کا چھ ماہ قبل ہی تانتا بندھ گیا، ایک ہفتے میں لائسنس کے حصول کے لئے 2 ہزار سے زائد درخواستیں جمع کرائی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور میں آئندہ برس مارچ کے وسط میں منعقد ہونے والے 3 روزہ محفوظ اور رنگا رنگ بسنت فیسٹیول کے لیے شہریوں اور شائقین کا جوش و خروش عروج پر پہنچ گیا ہے۔ بسنت پورٹل کے قیام کے محض 8 دنوں کے اندر پتنگ، گڈا اور ڈور کی تیاری و فروخت کے شوقین 2 ہزار سے زائد افراد نے لائسنس کے حصول کے لیے درخواستیں جمع کرا دی ہیں۔ فیسٹیول کو محفوظ بنانے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

پنجاب کی جامعات میں سربراہان کی تعیناتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، سردار سلیم حیدر خان

وزیراعلیٰ، کابینہ کی منظوری کے بعد پنجاب کی جامعات میں سربراہان کی تعیناتی کیلئے تجویز کردہ وائس چانسلرز کے انٹرویو کئے

تعلیمی اداروں میں سفارشی کلچر کا خاتمہ ان کی اولین ترجیح ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب، وائس چانسلر سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پنجاب کی جامعات میں سربراہان کی تعیناتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ جامعات کو تعلیم و تحقیق کے میدان میں آگے بڑھانا ترجیح ہے۔ یہ بات اُنہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں پنجاب کی پبلک سیکٹر میڈیکل یونیورسٹیز میں نئے تعینات ہونے والے وائس چانسلرز کے امیدواران کے انٹرویوز کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ گورنر پنجاب/ چانسلر سردار سلیم حیدر خان نے وزیراعلیٰ پنجاب اور صوبائی کابینہ کی منظوری کے بعد پنجاب کی جامعات میں سربراہان کی تعیناتی کے لئے تجویز کردہ وائس چانسلرز کے تفصیلی انٹرویو کئے۔ گورنر پنجاب نے انٹرویوز کے بعد وائس چانسلرز کی تعیناتی کی سمری کی منظوری بھی دی۔ پبلک میڈیکل یونیورسٹیوں کے انٹرویو کے لیے آنے والے امیدواروں میں پروفیسر محمود ایاز، پروفیسر سید اصغر نقوی، پروفیسر طیبہ وسیم، پروفیسر محمد معین، پروفیسر زُہرا خانم، میجر جنرل سہیل صابر، پروفیسر معروف عزیز خان، میجر جنرل سہیل امین، پروفیسر طارق اقبال اور پروفیسر جہانگیر سرور شامل تھے۔ گورنر پنجاب نے انٹرویو کے بعد 05 میڈیکل یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز کی تقرری کی سمری کی منظوری دے دی۔ ان میں ڈاکٹر محمود ایاز کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی، لاہور، میجر جنرل (ر) سہیل صابر یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز، میجر جنرل (ر) سہیل امین راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی راولپنڈی، پروفیسر سید اصغر نقوی فیصل آباد میڈیکل یونیورسٹی، فیصل آباد جبکہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

اعلان تقرری

کالم نگار و تجزیہ کار سینئر صحافی حسنین اخلاق سحر میڈیا گروپ کے ساتھ بطور ایڈیٹر رپورٹنگ منسلک ہو گئے ہیں۔ ادارہ اس امید کے ساتھ انہیں خوش آمدید کہتا ہے کہ وہ ادارے کی بہتری اور نیک نامی کا سبب بنیں گے۔

ٹھٹھہ، ہجرت کر کے آنیوالے پرندوں کے شکار پر پابندی

ٹھٹھہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کمشنر حیدر آباد ڈویژن نے ہجرت کر کے آنے والے پرندوں کے شکار پر پابندی عائد کر دی اس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کیخلاف درخواست، وفاقی حکومت اور اوگرا سے جواب طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پیٹرولیم قیمتوں میں مسلسل اضافے کے خلاف متفرق درخواست پر وفاقی حکومت اور اوگرا سمیت دیگر فریقین سے جواب طلب کر لیا۔ جسٹس عابد عزیز شیخ کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ درخواست جوڈیشل ایکٹیوزم پٹیشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

ویکسینیشن کے بغیر عمرے پر جانے کی تاریخ میں توسیع، عمرہ زائرین اب 25 ستمبر تک بغیر ویکسینیشن کے سعودی عرب جا سکتے ہیں، رپورٹ

کراچی (بیورو رپورٹ) حکومت نے ویکسینیشن کے بغیر عمرے پر جانے کی تاریخ میں توسیع کر دی۔ فوکل پرسن کے مطابق عمرہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

نادرا میں ویکسی نیشن کی مد میں ہزاروں روپے زیادہ وصول کیے جانے کا انکشاف

عمرہ ادائیگی کے لیے درکار ویکسی نیشن اور متعلقہ دستاویزات کے حصول کے دوران ان سے ایسی اضافی رقوم طلب کی جا رہی ہیں، شہری

ہر ادائیگی کے عوض باقاعدہ سرکاری رسید فراہم کی جانی چاہیے، شہری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مختلف نادرا سہولت سینٹرز پر عمرہ زائرین سے ویکسی نیشن فیس کی مد میں مقررہ رقم سے مبینہ طور پر ہزاروں روپے اضافی وصول کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ عمرہ ادائیگی کے لیے درکار ویکسی نیشن اور متعلقہ دستاویزات کے حصول کے دوران ان سے ایسی اضافی رقوم طلب کی جا رہی ہیں جن کی واضح تفصیلات یا سرکاری رسید فراہم نہیں کی جاتی۔ شہریوں کے مطابق بیرونِ ملک سفر کی تیاری کے دوران جب وہ نادرا سہولت سینٹرز سے متعلقہ سہولت حاصل کرنے کے لیے پہنچتے ہیں تو انہیں مختلف مدات میں اضافی فیس بتائی جاتی ہے۔ بعض زائرین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

لاہور: وزیراعلیٰ کے پی کے سہیل خان آفریدی کی پارٹی کارکن اشتیاق خان مرحوم کے گھر تعزیت کیلئے آمد کے موقع پر پولیس کی بھاری سیکورٹی تعینات ہے

سابق دور حکومت میں محکمہ ایکسائز میں 21 ملین روپے کی مالی بے ضابطگی ثابت

محکمہ ایکسائز پنجاب نے تحریک انصاف کے دور میں گاڑیوں کے لائف ٹائم ٹوکن میں بے ضابطگی کو تسلیم کر لیا، پی اے سی ون کا اجلاس چیئرمین افتخار چھچھر کی زیر صدارت ہوا

قصور محکمہ ایکسائز کا ہے، گاڑیاں بلاک کیوں کی گئیں۔ عوام نے تو فیس جمع کرائی، عملے نے فیس محکمہ کے فنڈز میں جمع نہیں کی، کمیٹی کے رکن کاشف رحیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق دور حکومت میں محکمہ ایکسائز میں 21 ملین روپے کی مالی بے ضابطگی ثابت ہو گئی، محکمہ ایکسائز پنجاب نے تحریک انصاف کے دور میں گاڑیوں کے لائف ٹائم ٹوکن میں بے ضابطگی کو تسلیم کر لیا۔ پی اے سی ون کا اجلاس چیئرمین افتخار چھچھر کی زیر صدارت ہوا۔ کمیٹی نے لائف ٹائم ٹوکن کے ہیر پھیر کی پانچ سال میں ریکوری نہ ہونے پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے ریکوری کرنے کی بجائے گاڑیاں بلاک کرنے پر تشویش کا اظہار کیا۔ کمیٹی کے رکن کاشف رحیم نے کہا کہ قصور محکمہ ایکسائز کا ہے، گاڑیاں بلاک کیوں کی گئیں۔ عوام نے تو فیس جمع کرائی، عملے نے فیس محکمہ کے فنڈز میں جمع نہیں کی۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

چین کیساتھ مصنوعی ذہانت، جدت کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دی جائیگی، علی ڈار

لاہور (سٹاف رپورٹر) چینی قونصل جنرل نے شیر وزیراعلیٰ پنجاب برائے مصنوعی ذہانت علی ڈار سے تفصیلی ملاقات کی جس میں پنجاب اور چین کے درمیان مصنوعی ذہانت، ٹیکنالوجی اور باہمی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں پنجاب کے اے آئی ایجنڈے کو آگے بڑھانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

پنجاب ریونیو اتھارٹی میں ٹیکس ادائیگیوں کی موثر نگرانی کیلئے ڈیجیٹل سنٹرل مانیٹرنگ سیل قائم کرنے کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس ادائیگیوں کی موثر نگرانی، جھان بین اور ٹیکس چوری کی روک تھام کے لئے ڈیجیٹل سنٹرل مانیٹرنگ سیل قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان پی آر اے کے مطابق ڈیجیٹل سنٹرل مانیٹرنگ سیل کے ذریعے مختلف سروسز سیکٹرز کی ٹیکس ادائیگیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

کراچی چیمبر کے صدر ریحان حنیف کی قیادت میں وفد کا دورہ لاہور چیمبر

لاہور چیمبر اور کراچی چیمبر مشترکہ سفارشات حکومت کے سامنے پیش کریں گے، فہیم الرحمٰن سہگل

لاہور (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد ریحان حنیف نے وفد کے ہمراہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا، لاہور چیمبر کے صدر فہیم الرحمٰن سہگل نے ان کا استقبال کیا۔ اس موقع پر نائب صدر لاہور چیمبر خرم لودھی، کراچی چیمبر کے سابق صدور عبداللہ زکی اور افتخار وہرہ، سابق نائب صدر فیصل خلیل، لاہور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان رانا شعبان اختر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

لاہور اور کراچی چیمبر کے عہدیداران کا گروپ فوٹو

اچھے نتائج دینے والے اساتذہ کی حوصلہ افزائی، ناقص کارکردگی پر احتساب کا فیصلہ

80 فیصد، اس سے زائد نتائج دینے والے ہیڈ ٹیچرز، اساتذہ، طلبہ کو خصوصی بیجز، تعریفی اسناد دی جائیں گی

60 سے 79 فیصد نتائج حاصل کرنے والوں کو سرٹیفکیٹس دیئے جائیں گے، سی ای اوز کو تقریبات منعقد کرنے کی ہدایت

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے نویں جماعت کے تعلیمی نتائج کی بنیاد پر اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ہیڈ ٹیچرز، اساتذہ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی جبکہ ناقص نتائج دینے والے ذمہ دار اساتذہ کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ سکولز ایجوکیشن کے مطابق 80 فیصد یا اس سے زائد نتائج دینے والے ہیڈ ٹیچرز، اساتذہ اور طلبہ کو خصوصی بیجز اور تعریفی اسناد دی جائیں گی جبکہ 60 سے 79 فیصد نتائج حاصل کرنے والوں کو سرٹیفکیٹس دیئے جائیں گے۔ سی ای اوز کو بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں کیلئے تعریفی تقریبات منعقد کر کے انہیں اعزازات دینے کی بھی ہدایت کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب نویں جماعت میں 20 فیصد سے کم نتائج دینے والے سکولوں کے ہیڈ ٹیچرز اور اساتذہ کے خلاف سخت کارروائی ہوگی۔ ایسے ذمہ داران کے خلاف پیڈا ایکٹ 2006 کے تحت محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ بی ایس 16 اور اس سے کم گریڈ کے اساتذہ کے خلاف کارروائی ضلعی سطح پر ہوگی جبکہ بی ایس 17 اور اس سے زائد گریڈ کے ہیڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73)



آئی جی پنجاب کے حکم پر کرپٹ افسران و اہلکاروں کا محاسبہ، سینکڑوں معطل و برطرف

12 روز کے دوران کانسٹیبل سے ڈی ایس پی رینک کے 588 پولیس افسران، اہلکاروں کیخلاف کارروائی

52 ہیڈ کانسٹیبلز، 147 کانسٹیبلز اور 44 ٹریفک پولیس اہلکاروں کو بھی عہدوں سے فارغ کیا گیا 'ذرائع پولیس'

لاہور (سٹاف رپورٹر) آئی جی پنجاب کے حکم پر کرپٹ افسران اور اہلکاروں کے خلاف محکمانہ احتساب کا عمل تیز کر دیا گیا، گزشتہ 12 روز کے دوران کانس